مدرسہ دستور تعلیم میرٹھ

حصہ دوم

جبر و مقابلہ

موسوم بہ

حل المقادیر

جسکو واسطے فوائد طلبا اس علم کی کمترین ایشری پرشاد
سرونیگ ماسٹر مدرسہ دستور تعلیم میرٹھ نے مرتب کیا

سنہ ۱۸۶۲ع

مطبع مرأت التصانیف میں باہتمام لالہ شو سہائے ولد کلیت رائے کے

فی جلد

فہرست مطالب

تعداد سوالات	کس صفحہ سے	مضمون
	۲	حدود و قاعدہ حل کرنے مساوات درجہ اوّل
۱۷	۳	آسان سوالات مساوات درجہ اول یک مجہول معہ حل و بے حل
۱۹	۶	آسان سوالات عبارتی درجہ اول یک مجہول معہ حل و بے حل
۲۶	[illegible]	بہ نسبت پیچھے کے مشکل سوالات مساواتی درجہ اوّل یک مجہول معہ حل
۲۶	۱۵	سوالات عبارتی مساوات درجہ اوّل یک مجہول معہ حل
۵۶	۲۲	سوالات مساوات درجہ اوّل یک مجہول بے حل
۵۵	۲۵	سوالات عبارتی مساوات درجہ اوّل یک مجہول بے حل
	۳۳	قواعد حل کرنے مساوات دو مجہول
۱۳	۳۴	سوالات مساوات درجہ اوّل دو مجہول معہ حل
۴	۳۸	قاعدہ حل کرنے مساوات سہ مجہول و نیز سوالات معہ حل
۹	۴۲	سوالات عبارتی مساوات درجہ اول دو و تین مجہول معہ حل
۲۵	۴۶	سوالات مساوات درجہ اوّل دو مجہول وغیرہ بے حل
۲۲	۴۹	سوالات عبارتی مساوات درجہ اوّل دو مجہول وغیرہ بے حل
۳۱	۵۲	مشکل سوالات مساوات درجہ اوّل یک مجہول جن میں خاص طور کرنا پڑتا ہی معہ حل
۱۲	۶۰	مشکل سوالات مساوات درجہ اوّل دو مجہول وغیرہ معہ حل
۳۷	۶۷	مشکل سوالات عبارتی یک مجہول معہ حل مختصر
۱۰	۸۴	مشکل سوالات عبارتی دو مجہول سہ مجہول معہ حل مختصر
۸۴	۹۱	مشکل سوالات مساوات درجہ اوّل یک مجہول وغیرہ بے حل
[illegible]	[illegible]	مشکل سوالات عبارتی مساوات درجہ اوّل یک مجہول بے حل
[illegible]	[illegible]	مشکل سوالات عبارتی مساوات درجہ اوّل دو مجہول [illegible]

ارباب علم پر واضح ہو

کہ احقر العباد کمترین لیتری پرشاد ساکن بریلی محلہ ذکاتی سابق طالب علم جماعت اول فارسی و ریاضی کالج
بریلی و رڑکی و حال سرونینگ ماسٹر مدرسہ دستور تعلیم میرٹھ نے قبل اسکے حل المقادیر حصہ اول
اسطرح پر ترتیب دیکر چھپوایا تہا کہ جمیع قواعد صحیح اور کسور کے سوالات سوای مساوات کی معہ حل
و بی حل اوسمین مندرج ہین کہ جنکی ذریعہ سے ہر قسم کی سوالات مساوات درجہ اول اور دوم کی
حل ہوسکتی ہین سو کتب مذکورہ بہ قدر دانی کپتان ای آر فلر صاحب بہادر ڈایرکٹر آف پبلک
انسٹرکشن ممالک پنجاب فروخت ہوگئین یعنی ۵۲۵ جلد صاحب ممدوح نی سرکار کیطرف سے
خرید فرمائین اور باقی اور شایقین نی خریدکین اور اب شایقین کو دوسرے حصہ کا زیادہ اشتیاق
پایا لہذا یہ دوسرا حصہ حل المقادیر اسطور پر ترتیب دیا کہ اول مین قواعد حل کرنی مساوات درجہ اول
و نیز آسان سوالات مساواتی و عبارتی یک مجہول معہ حل و بی حل اور بعد اسکی اسے
مشکل سوالات بطریق مذکور بعدہ قواعد حل کرنی مساوات دو مجہول و سہ مجہول وغیرہ درجہ اول و نیز
سوالات مساواتی و عبارتی درجہ اول دو مجہول و سہ مجہول معہ حل و بی حل و آخر کتاب مین مشکل مشکل
سوالات مساواتی و عبارتی درجہ اول یک مجہول وغیرہ معہ حل و بی حل مندرج ہین اگرچہ ترتیب
اسکی اور کتب مطبوعہ کی خلاف ہی مگر مبتدیکو اس ترتیب پر سیکھنی اور سوالات نکالنی سی زیادہ تر فایدہ
ہوگا اسواسطی کہ اکثر سوالات مندرجہ ہذا وہ ہین جو مدرسہ دستور تعلیم میرٹھ کی طلبہ کی ذہن پر آزمایش
پا چکی ہین [illegible] ترتیب سی نفع کثیر تجربہ ثابت ہوا اور چونکہ اور جبر مقابلون مطبوعہ زبان اردو مین
سوالات عبارتی کم تہی لہذا کمترین نی اس حصہ مین سوالات عبارتی زیادہ مندرج کیے اسواسطے

ہوجاتا ہی یا ۳ لا − ۶ = ۰ گو اس مساوات کی جملہ دوم مین صفر ہی مگر قیمت لا جو کہ
ان طریقونکی استعمال سی ۲ نکلتی ہی جملہ اول مین رکھین تو وہ جملہ بھی برابر صفر کی ہوجاوگا
مگر مساواتین دو قسم کی ہوتی ہین حرفی[۱] اور عددی[۲] حرفی وہ ہین جس مین
مقدار مجہول کی قیمت حرف مین نکلتی ہی اور عددی وہ جس مین مقدار مجہول کی قیمت
عدد مین نکلتی ہی جیسے ح لا + ص = ط لا − س مساوات حرفی ہی اور
۳ لا + ۶ = ۴ لا + ۴ مساوات عددی ہی

آسان سوالات مساوات درجہ اول یک مجہول معہ حل وہی حل

واضح ہو کہ دونون جملہ مساوات پر کچھہ بڑہانی یا گھٹانا یا کسی عدد سی ضرب یا تقسیم کرنی سے
یا بعض اجزاء جملہ کو بعد تبدیل علامت دوسری جملہ مین لیجانی سی قیمت مجہول دریافت ہوجاتی ہی
کیونکہ یہہ بات ظاہر ہی کہ اگر طرفین مساوات پر کوئی عدد یا مقدار زیادہ کرین یا کم یا طرفین مساوات کو
کسی خاص عدد سی ضرب یا تقسیم کرین تو مساوات مین فرق نہ آویگا مثلاً ۴ لا − ۳ = ۱۳ کے
مساوات بالا مین عدد ۳ کو طرفین پر زیادہ کیا تو ۴ لا − ۳ + ۳ = ۱۳ + ۳ یعنی
۴ لا = ۱۶ ہے اب طرفین مساوات کو ۴ پر تقسیم کیا ∴ لا = $\frac{۱۶}{۴}$ = ۴ ہے
(۱) ۲ لا + ۳ = ۷ دریافت کرو قیمت لا اب طرفین سے عدد ۳ کو
کم کیا ∴ ۲ لا = ۴ ∴ لا = $\frac{۴}{۲}$ = ۲ ہے وہو المطلوب
(۲) ح لا + ۱ − س = ص دریافت کرو قیمت لا اس مساوات مین بھی
موافق مثالون مرقومہ بالا کے ۱ کو طرفین مساوات سے کم اور س کو طرفین

مساوات پر زیادہ کیا تو ح لا + ۹ - س - ۹ + س = ص + س - ۱ چونکہ
جملہ اول مین ۹ اور س منفي اور مثبت دونون مین اسواسطي خارج ہو گیا
تو ح لا = ص + س - ۱ طرفین کو ح پر تقسیم کیا ∴ لا = (ص + س - ۱)/ح

تنبیہ مثالون مذکورہ بالا سے واضح ہي کہ مقادیر کو مساوات کي ایکطرف سے
دوسري طرف علامت بدلکر منتقل کر سکتے ہین لیکن اگر دست راست کي بالکل جملہ کو دست
چپ کیطرف اور دست چپ کي جملہ کو دست راست کیطرف منتقل کرین تو علامت بدلنا کچھ ضرور نہین
مثلاً ۳ لا - ۳ = لا + ۱ تو لا + ۱ = ۳ لا - ۳ سیکے بھي درست ہي اور اگر مساوات کي
سب جزؤ سیکے علامت بدلدین تو بھي قیمت مساوات مین فرق نہ آویگا جیسے
ح - لا = س - ر تو - ح + لا = - س + ر سیکے

تنبیہ اگر طرفین مساوات مین مقادیر مجہولہ اور معلومہ دونو شامل ہون تو مقادیر مجہولہ کو
ایکطرف اور معلومہ کو دوسریطرف مساوات کي بدلکر واسطي دریافت قیمت عدد مجہول سیکے
طرفین کو سر مقدار مجہول پر تقسیم کرنا چاہیي.

(۳) ۷ لا - ۳ = ۵ لا - ۲ لا + ۱۳ دریافت کرو قیمت لا کي اسمین مقادیر
مجہولہ ایک طرف اور معلومہ کو دوسریطرف منتقل کیا تو ۷ لا - ۵ لا + ۲ لا = ۱۳ + ۳
∴ ۴ لا = ۱۶ طرفین کو تقسیم کیا سر لا سیعنے ۴ پر ∴ لا = ۱۶/۴ = ۴ وہو المطلوب

(۴) ح لا - س = س لا + ح دریافت کرو قیمت لا ∴ ح لا - س لا = ح + س
یعنے (ح - س) لا = ح + س ∴ لا = (ح + س)/(ح - س) وہو المطلوب

تنبیہ مساوات کي دونون جملہ مین برابر عدد یا مقدار جنکي علامت بھي یکسان ہو اگر ہون
تو انکو طرفین سے دور کرنا چاہیي

(۵) ۷لا + ۳ − ۲لا = ۵لا + ۳ − ۲لا + ۱۰ دریافت کرو قیمت لا سے کے

چونکہ −۲لا اور ۳ طرفین مساوات میں ہیں اسلیئے اونکو طرفین سے دور کیا

تو ۷لا = ۵لا + ۱۰ منتقل کیا تو ۷لا − ۵لا = ۱۰ ∴ ۲لا = ۱۰

∴ لا = ۱۰/۲ = ۵ وہو المطلوب

تنبیہ اگر خط وحدانی کی باہر علامت منفی ہو تو بعد دور کرنی علامت خط وحدانی سے کے جملہ مقادیر کی علامت جو اوسکی اندر ہین بدلجاتی ہین

(۶) ۱۱لا − (۱۳ − لا) = ۹۵ دریافت کرو قیمت لا اول خط وحدانی کو دور کیا ∴ ۱۱لا − ۱۳ + لا = ۹۵ ∴ ۱۲لا = ۹۵ + ۱۳ = ۱۰۸

∴ لا = ۱۰۸/۱۲ = ۹ وہو المطلوب

(۷) ۷لا − ۱۱(۲لا + ۷) = ۹لا − ۵(۳لا − ۱۷) دریافت کرو قیمت لا

∴ ۷لا − ۲۲لا − ۷۷ = ۹لا − ۱۵لا + ۸۵ ∴ ۷لا + ۱۵لا − ۲۲لا − ۹لا = ۸۵ + ۷۷ ∴ −۹لا = ۱۶۲ ∴ لا = ۱۶۲/−۹ = −۱۸

(۸) (۵لا − ۱۵) − ۵۱ = ۵۹ − (۴۳ − ۴لا) دریافت کرو قیمت لا کے

∴ ۵لا − ۱۵ − ۵۱ = ۵۹ − ۴۳ + ۴لا

∴ ۵لا − ۴لا = ۵۹ − ۴۳ + ۵۱ + ۱۵ = ۱۲۵ − ۴۳ ∴ لا = ۹۱ سے کے

مساوات ذیل مین قیمت لا کی دریافت کرو

(۹) ۱۲لا − ۱۲ = ۳لا + ۳۳ **جواب** لا = ۵

(۱۰) ۴(لا − ۱) = ۱۰لا − ۳۴ **جواب** لا = ۵

(۱۱) ۲لا + ۶ = ۴(۹ − ۲لا) **جواب** لا = ۳

(۱۲) ۴لا − ۲ب = ۳لا + ۲د   جواب   لا = ۲(د + ب)

(۱۳) د − دلا = س + ب لا   جواب   لا = (د − س)/(د + ب)

(۱۴) ۲لا − ۴(لا − ۴) = ۳(۶ − لا)   جواب   لا = ۲

(۱۵) لا + ۳د = − ۲(۲لا − ۹د)   جواب   لا = ۳د

(۱۶) ۲(لا + ۵) − ۳(۲لا − ۷) = ۱۵   جواب   لا = ۴

(۱۷) لا² + ۱۵لا = ۳۵لا − ۳لا²   جواب   لا = ۵

آسان سوالات عبارتی درجہ اول یک مجہول معہ حل وبی جل

(۱) دریافت کرو اوس عدد کو کہ اگر اوسکی ۷ گنے سے اوسکا ۳ گنا تفریق کریں تو ۸ باقی رہی فرضکرو کہ عدد مطلوب = لا ہے اسلیے ۷لا = ۷ گنے اوس عدد کے اور ۳لا = تگنے ہیں پس بموجب شرایط سوال کے ۷لا − ۳لا = ۸ یعنی ۴لا = ۸ ∴ لا = ۲

پس عدد مطلوب ۲ ہی

(۲) وہ کونسا عدد ہی کہ اگر اوسمین ۴ جمع کریں اور حاصل جمع کو ۵ مین ضرب دین تو حاصل مساوی ہو اوسی عدد جمع ۳۲ کو فرض کرو کہ عدد مطلوب لا ہی تو بموجب شرایط سوال کے ۵(لا + ۴) = لا + ۳۲ ∴ ۵لا + ۲۰ = لا + ۳۲ منتقل کیا ∴ ۴لا = ۱۲ ∴ لا = ۳ پس ۳ عدد مطلوب ہی

(۳) ایک شخص نے اول سال کچھ روپیہ سوداگری مین لگایا مگر اوسکو کچھ نفع نہوا بعد ازان دوسرے سال اوس روپیہ مین ۴۰ روپیہ اور زیادہ کیے تو دوسرے سال مین روپیہ دونا ہوگیا اور یہ بھی دریافت ہوا کہ دوسرے سال کا اصل معہ نفع اول سال کے

اصل سے ۸۷ روپیہ زیادہ ہی تو بتلاؤ کہ اول سال مین کتنا روپیہ لگایا تھا
فرضکرو کہ اول سال اوسنی لا روپیہ سوداگری مین لگایا تھا تو ضرور دوسری سال مین
لا + ۱۴ روپیہ لگایا ہوگا — مگر دوسری سال مین اوسکا روپیہ لا + ۱۴ کا
دونا ہوگیا یعنے ۲(لا + ۱۴) ہوگیا مگر یہہ روپیہ اول سال کے روپیہ یعنے
لا سے ۸۷ زیادہ ہی ∴ ۲(لا + ۱۴) = لا + ۸۷
∴ ۲لا + ۲۸ = لا + ۸۷ منتقل کیا ∴ لا = ۵۰ = اوس روپیہ کی
جو اول سال لگایا تھا وہو المطلوب

(۴) ایک شخص کے پاس دوسرے سے تگنے روپیہ ہین اگر ہر ایک آدمی کو چھہ چھہ روپیہ
اور دیدئی جاوین تو ایک کی پاس دوسرے سے دوگنی روپیہ ہوجاوین بتلاؤ کہ ہر ایک کے
پاس کتنے کتنے روپیہ ہین فرضکرو کہ ایک شخص کے پاس لا روپیہ ہین تو ضرور دوسرے
پاس ۳لا ہونگے اس لئی بموجب شرط دوم کے ۳لا + ۶ = ۲(لا + ۶)
∴ لا = ۶ اور ۳لا = ۱۸ پس ایک شخص کے پاس ۶ روپیہ اور دوسرے کی پاس ۱۸ ہین

(۵) ایک شخص کی عمر اپنی لڑکے کی عمر سے چوگنی ہی اور دونونکا مجموعہ ۵۰
برس ہی بتلاؤ کہ لڑکے کی کیا عمر ہی جواب دس برس کے

(۶) وہ کونسا عدد ہی کہ جس مین ۵ اور ۳ جوڑنسی اپنی سی چوگنا ہوجاوے جواب ۳

(۷) ایک شخص نے ۴۸ روپیہ کی ایک گای اور ایک بیل خریدا لیکن بیل کی قیمت
گای کی قیمت سے ۶ گھٹی ہی تو بتلاؤ کہ ہر ایک کی کیا قیمت ہی جواب قیمت گای
۲۷ روپیہ اور قیمت بیل ۲۱ روپیہ

(۸) وہ کونسا عدد ہی کہ اگر اسکو ۹ مین ضرب دیوین تو ۲۷ ہوجاوین جواب ۳

(٩) ایک لڑکی سے پوچھا کہ تمہارے پاس کتنی گولیان ہین اوسنی جواب دیا کہ اگر اوتنی ہی اور نکلنی اور ایک اور ہو دین تو ٣٣ ہو جا دین بتاو اوسکی پاس کتنی گولیان تہین جواب ٧

(١٠) ایک کہیت کی شکل مستطیل ہی جسکا رقبہ ١٨ مربع فیٹ اور طول اوسکا ٦ فیٹ تو عرض کیا ہوگا

(١١) تین شخص زید عمر بکر کو ٢٧ روپیہ اسطرح تقسیم کرکہ زید سے عمر کو دونا اور عمر سے بکر کو تگنا ملے بتلاو کہ ہرایک کا کتنا حصہ ہوگا جواب ٣ ٦ ١٨

(١٢) ١٠ فیٹ کی لکڑی کی ایسے دو حصہ کرو کہ ایک دوسرے سے چوگنا ہو جواب ٨ و ٢

(١٣) ایک بنیے نی ملاوٹ کی چاہ کہ جس مین ٧ روپیہ سیر کی اور تین روپیہ سیر کی ملی ہوئی تہی ٣٢ روپیہ کو خریدی تو بتلاو کہ اوسمین ہرایک قسم کے کتنے تہے جواب ٤ ٤ سیر

(١٤) ایک شخص نے دو ریوڑ بہیڑ کے جنمین تعداد بہیڑونکے برابر تہی ١٠٠ روپیہ کو فروخت کی لیکن ایک ریوڑ کو فی بہیڑ ٦ روپیہ کے حساب سے اور دوسری کو فی بہیڑ ٦ ١/٢ کے حساب سے فروخت کیا تو بتلاو کہ ہر ریوڑ مین کتنے کتنے بہیڑین تہین جواب ہرایک ریوڑ مین ٨

(١٥) زید کی پاس عمر سے پانچ گنی روپیہ ہین اور اون دونون مین ١٢ کا فرق ہے تو بتلاو کہ ہرایک کی پاس کتنے کتنے روپیہ ہین جواب ١٥ و ٣

(١٦) وہ کونسا عدد ہی کہ اسکو پانچ گنا کرنیسے ٣٥ سے بمقدار ٥ کے زیادہ ہوتا ہی جواب ٨

(١٧) ایک کسان نے ١٨ روپیہ کی بہاری جانور تعداد مین برابر اسطرح پر خریدی کہ فی بکری ایک روپیہ اور فی گای ٣ روپیہ اور فی بیل ٥ روپیہ تو بتلاو کہ ہرایک قسم کے کتنے کتنے تہے جواب ٢

(١٨) ایک کسان نے ٣٩ روپیہ کے ایک گای اور ایک بیل خریدی مگر بیل کی قیمت گای سے بمقدار ٣ زیادہ ہی بتلاو ہرایک کی قیمت جواب فی بیل ٢١ روپیہ اور قیمت فی گای ١٨ روپیہ

۱۹ عدد ۱۲ کے ایسے دو حصہ کرو کہ ایک حصہ دوسرے سے بمقدار ۲ کے زیادہ ہو

جواب ۷ اور ۵

(۴۰) وہ کونسا عدد ہی کہ تگنا کرنیسے بمقدار ۸ کے اپنی سے بڑا ہوتا ہے جواب ۴۰

(۴۱) ایک آدمی کچھ دور گیا اگر وہ ۸ میل اور چلتا تو اوس دور سے تگنا چلتا

تو بتلاؤ کہ پہلی کیتنے دور چلا ہوگا جواب ۴ میل

(۴۲) راج اور مزدور کیسے کام پر ۸۶۴ ہتی مگر مزدور راج سے ۲۸ زیادہ ہتی

تو بتلاؤ کہ ہر ایک کیتنے کیتنے ہتی جواب مزدور ۱۸۴ اور راج ۳۹۲

(۴۳) ایک شخص نے ۲۱ روپیہ کو ایک بکری اور ایک گای اور ایک بیل خرید کیا مگر بکری سے

گای کی قیمت ۳ روپیہ زیادہ اور گای سے بیل کی ۵ روپیہ زیادہ ہی تو بتلاؤ

ہر ایک کی قیمت جواب ۴ اور ۶ اور ۱۱

(۴۴) زید سے عمر پر ۴ روپیہ زیادہ اور عمر سے بکر پر ۳ روپیہ زیادہ اور مجموعہ ان تینوںکا

۱۹ روپیہ ہی تو بتلاؤ کہ ہر ایک کے پاس کیتنے کیتنے روپیہ ہین جواب ۳ و ۷ و ۹

بہ نسبت پیچھی کی مشکل سوالات مساوات درا ول یک مجہول معمل

ابتک تو وہ مساواتیں لکھی گئیں جنمیں کسر نہ تہی اب اگر مساوات مین کسر ہو تو مساوات کو کسر کے

مخرج سے ضرب دینا چاہیی اور اگر چند کسرین ہون تو اونکی ذواضعاف اقل سے بعد ازان

موافق قواعد مرقومہ بالا عمل کرنا چاہیی جیسے امثلہ ذیل سی واضح ہی

(۱) $\frac{ل}{۳}+۴=۳$ طرفین کو ۳ مین ضرب کیا ∴ $ل+۱۲=۹$ ∴ $ل=۳$

(۲) $\frac{ل}{۲}+\frac{ل}{۳}+\frac{ل}{۴}-\frac{۱}{۴}=۴$ سے کے دریافت کرو قیمت ل چونکہ ۲ و ۳ و ۴ کا

ذواضعاف اقل ۱۲ ہی اسلیے مساوات کے ہر جز کو ۱۲ مین ضرب کیا

تو ۱۰لا + ۱۷ − ۱۸(۱۲لا+۲)/(۱۱لا − ۸) = ۱۰لا − ۸ اب منتقل کیا صحیح کو ایک طرف

اور کسر کو دوسری طرف تو ۲۵ = ۱۸(۱۲لا+۲)/(۱۱لا − ۸) اب ۱۱لا − ۸ سے طرفین کو ضرب کیا

تو ۲۷۵لا − ۲۰۰ = ۱۸(۱۲لا + ۲) = ۲۱۶لا + ۳۶

∴ ۵۹لا = ۲۳۶ ∴ لا = ۴ ہے

(۹) (۵لا² + لا − ۳)/(۵لا − ۴) = (۷لا² − ۳لا − ۹)/(۷لا − ۱۰) یہہ مساوات اوس قسم کی ہی کہ جس مین

لا کی قوت ایک سی زیادہ ہی مگر اختصار کرنیسے پہلی قوت رہ سکتی ہی اسلئی واسطی اختصار کیے

کسر دونکو اونکی مخرج سے تقسیم کرو تو مساوات بالا بشکل ذیل ہو جاویگی کہ

لا + ۱ + ۱/(۵لا − ۴) = لا + ۱ + ۱/(۷لا − ۱۰) ∴ ۱/(۵لا − ۴) = ۱/(۷لا − ۱۰)

∴ ۷لا − ۱۰ = ۵لا − ۴ ∴ لا = ۳ ہے

(۱۰) (لا² − ۴)/(لا − ۲) = ۲لا − ۲ اول جملہ کی کسر کو مخرج سے تقسیم کیا

تو لا + ۲ = ۲لا − ۲ ∴ لا = ۴ ہے جاننا چاہیی کہ جب چار مقداریں

باہم متناسب ہوں تو اول اور آخر کا حاصل ضرب برابر ہوتا ہی حاصل ضرب دونوں وسطیکی

مقداروںکے مثلاً اگر ص : س :: ن : م ہے تو ص م = س ن کے

ہوگا بس ظاہر ہی کہ جب چار مقداریں متناسب ہونگی تو اونسے ایک مساوات حاصل

ہوگی جیسے سوال ذیل سے ظاہر ہی

(۱۱) (۵لا + ۴)/۴ : (۱۲ − لا)/۴ :: ۶ : ۲ دریافت کرو قیمت لا

∴ ۲(۵لا + ۴)/۴ = ۶(۱۲ − لا)/۴ تقسیم کیا ہر مخرج کو ۴ سے اور ہر کسر کو ۲ سے

تو ۵لا + ۴ = ۳(۱۲ − لا) = ۳۶ − ۳لا ∴ لا = ۴ ہے

(۱۲) (۵لا + ۴)/۲ : (۱۸ − لا)/۴ :: ۴ : ۷ دریافت کرو قیمت لا

$\therefore\ \frac{٢(١٨-\text{لا})}{٤}=\frac{٣(٥\text{لا}+٢)}{٢}=٣(٥\text{لا}+٢)$

$\therefore\ \frac{٣٦-٢\text{لا}}{٤}=١٠\text{لا}+٨$ بعد اختصار $\text{لا}=٢$ ہے یاد رہے کہ جب کسی کسر کے شمار کنندہ اور نسب نما کو ایک مقدار خاص سے ضرب کریں تو قیمت کسر میں فرق نہیں آتا

(١٣) $\frac{١}{\text{لا}-١}-\frac{٢}{\text{لا}+٢}=\frac{١}{٢(\text{لا}-١)}$ اسمین اول جزکی کسر اور مخرج کو عدد ٢ سے ضرب کیا تو $\frac{٢}{٢(\text{لا}-١)}-\frac{٢}{\text{لا}+٢}=\frac{١}{٢(\text{لا}-١)}$ $\therefore\ \frac{٢}{\text{لا}+٢}=\frac{١}{٢(\text{لا}-١)}$

$\therefore\ \frac{٣}{٢(\text{لا}-١)}=\frac{١}{\text{لا}+٢}$ $\therefore\ ٣\text{لا}+٦=٢\text{لا}-٢$ $\therefore\ \text{لا}=-٨$ ہے

واضح ہو کہ اگر مساوات کے دونو جملوں میں دو جز بصورت کسر ہوں تو اگر اون کسروں کو اولٹ ڈالیں تو مساوات میں فرق نہیں آتا مثلاً $\frac{٣}{٤}=\frac{٦}{٨}$ تو $\frac{٤}{٣}=\frac{٨}{٦}$

(١٤) $\frac{١}{\text{ص}+\text{لا}}+\frac{١}{\text{ص}-\text{لا}}=\frac{\text{ب}}{\text{ط}}$ اب جملہ اول کو جمع کیا

تو $\frac{٢\text{ص}}{\text{ص}^٢-\text{لا}^٢}=\frac{\text{ب}}{\text{ط}}$ اب دونوں جملہ کی کسر کو اولٹ ڈالا

تو $\frac{\text{ص}^٢-\text{لا}^٢}{٢\text{ص}}=\frac{\text{ط}}{\text{ب}}$ ٢ص سے طرفین کو ضرب کیا

تو $\text{ص}^٢-\text{لا}^٢=\frac{٢\text{ص}\,\text{ط}}{\text{ب}}$ $\therefore\ \text{لا}^٢=\text{ص}^٢-\frac{٢\text{ص}\,\text{ط}}{\text{ب}}=\text{ص}^٢\left(١-\frac{٢\text{ط}}{\text{ب}\,\text{ص}}\right)$

طرفین کا جذر لیا تو $\text{لا}=\text{ص}\sqrt{١-\frac{٢\text{ط}}{\text{ب}\,\text{ص}}}$

(١٥) $\frac{٢\text{لا}+\frac{٣}{٥}}{٦}-\frac{٣\text{لا}-\frac{١٣}{١٥}}{١٠}=\frac{٥\text{لا}+\frac{١}{٢}}{١٥}$ اول کسر ملتفسی کو مفرد کی صورت میں لائے

تو $\frac{٣٠\text{لا}+٣}{٩٠}-\frac{٤٥\text{لا}-١٣}{١٥٠}=\frac{٣٠\text{لا}+١}{٦٠}$ ہر مخرج کو ٣٠ سے تقسیم کیا

تو $\frac{٣٠\text{لا}+٣}{٣}-\frac{٤٥\text{لا}-١٣}{٥}=\frac{٣٠\text{لا}+١}{٢}$ دوسری جملہ کو اول جملہ کے جز اول کے ساتھہ علامت بدلکر ملایا تو $١=\frac{٤٥\text{لا}-١٣}{٥}$ $\therefore\ ٥=٤٥\text{لا}-١٣$

$\therefore\ ٤٥\text{لا}=١٨$ $\therefore\ \text{لا}=\frac{١٨}{٤٥}=\frac{٢}{٥}$ ہے یاد رکہنا چاہئے

کہ اگر مساوات میں بعض مقادیر مجہول حالت نزول میں ہوں آ جاتا ... بلکہ ...

اور مقادیر غیر جذری کو دوسری طرف مساوات سے بدلکر اوس درجہ تک طرفین مساوات کا صعود کرنا چاہیے کہ جس میں مقدار بنزول صورت غیر جذری میں ہو جاوے یا کوئی ایسی ترکیب کرنی چاہیے کہ جس سے مقادیر جذری غیر جذری میں ہو جاوے اور بعد ازاں موافق قواعد مرقومۃ الصدر کی جواب نکالنا چاہیے

(۱۶) $\sqrt{\text{لا}^2+2}=\sqrt{6}$ طرفین کا مجذور کرکے $\therefore \text{لا}^2+2=6 \quad \therefore \text{لا}^2=4$ جذر لیا طرفین کا $\text{لا}=2$

(۱۷) $\sqrt{\text{لا}}-1=\sqrt{\text{لا}-7}$ مجذور کیا طرفین کا

تو $\text{لا}-2\sqrt{\text{لا}}+1=\text{لا}-7$ مقادیر جذری کو ایکطرف اور صحیح کو دوسری طرف منتقل کیا تو $2\sqrt{\text{لا}}=8 \quad \therefore \sqrt{\text{لا}}=4 \quad \therefore \text{لا}=16$ ہے

(۱۸) $\sqrt[3]{2\,\text{لا}-3}=3$ مکعب کیا طرفین کا تو $2\,\text{لا}-3=27 \quad \therefore \text{لا}=15$ ہے

(۱۹) $\text{لا}=\sqrt{49+\sqrt{121\,\text{لا}^2+\text{لا}^4}}+7$ مقادیر صحیح کو ایک طرف منتقل کیا

تو $\text{لا}-7=\sqrt{49+\sqrt{121\,\text{لا}^2+\text{لا}^4}}$ مجذور کیا طرفین کا

تو $\text{لا}^2-14\,\text{لا}+49=49+\sqrt{121\,\text{لا}^2+\text{لا}^4}$ اب $\overline{49}$ کو طرفین سے دور کرکے مجذور کیا تو $\text{لا}^4-28\,\text{لا}^3+196\,\text{لا}^2=121\,\text{لا}^2+\text{لا}^4$

$\therefore 28\,\text{لا}^3=75\,\text{لا}^2$ طرفین کو تقسیم کیا لا^2 سے

تو $28\,\text{لا}=75 \quad \therefore \text{لا}=\frac{75}{28}=2\frac{19}{28}$ ہے

(۲۰) $\sqrt{\text{لا}}-\sqrt{2}=\sqrt{\text{لا}-2}$ طرفین کا مجذور کیا

تو $\text{لا}-2\sqrt{2}\sqrt{\text{لا}}+2=\text{لا}-2 \quad \therefore 2\sqrt{2\,\text{لا}}=4$

$\therefore \sqrt{2\,\text{لا}}=2 \quad \therefore 2\,\text{لا}=4 \quad \therefore \text{لا}=2$ نکلے

(۲۱) $\sqrt{\text{لا}^2+\text{ط}^2}=\sqrt{\text{س}^2+\text{لا}^2}$ مجذور کیا طرفین کا

$\text{لا}+\text{ط}=\sqrt{\text{س}^2+\text{لا}^2}$ پھر مجذور کیا

تو لا² + ٢ لا ط + ط² = س² + لا² ∴ ٢ ط لا² = س² − ط²

∴ لا² = (س² − ط²) / (٢ ط²) ∴ لا = √((س² − ط²) / (٢ ط²))

(٤٢) ٢ √لا − √ط = ٢ √(لا − ط) مجذور کیا طرفین کا

تو ٤ لا − ٤ √(لا ط) + ط = ٤ لا − ٤ ط ∴ ٤ √(لا ط) = ٥ ط

∴ ١٦ لا ط = ٢٥ ط² ∴ لا = ٢٥ ط / ١٦

(٤٣) (√لا − ٢) / ٣ + ٣ = (لا − ٤) / (√لا + ٢) جملہ دوم کی کسر کو مخرج سے تقسیم کیا

تو (√لا − ٢) / ٣ + ٣ = √لا − ٢ کسر سے خارج کیا

تو √لا − ٢ + ٩ = ٣ √لا − ٦ ∴ ٢ √لا = ١٣ ∴ ٤ لا = ١٦٩ ∴ لا = ٤٢¼

(٤٤) √(لا + و) + √(لا − و) = س / √(لا − و) کسر سے خارج کیا

تو √(لا² − و²) + لا − و = س ∴ √(لا² − و²) = (س + و) − لا

∴ [crossed out] = (س + و)² − ٢ لا (س + و) + لا²

∴ ٢ لا (س + و) = (س + و)² + و² = ٢ و² + ٢ و س + س²

∴ لا = (٢ و² + ٢ و س + س²) / (٢ س + ٢ و) = و + س² / (٢ (و + س))

(٤٥) (√لا + ١٦) / (√لا + ٤) = (√لا + ٣٢) / (√لا + ١٢) کسر سے خارج کیا

تو لا + ٢٨ √لا + ١٩٢ = لا + ٣٦ √لا + ١٢٨

∴ ٨ √لا = ٦٤ ∴ √لا = ٨ ∴ لا = ٦٤

(٤٦) (ط لا − ص²) / (√(ط لا) + ص) = س + (√(ط لا) − ص) / ص اول جملہ کی کسر کو مخرج سے تقسیم کیا

تو √(ط لا) − ص = س + (√(ط لا) − ص) / ص ص سے طرفین کو ضرب کیا

ص √(ط لا) − ص² = س ص + √(ط لا) − ص

∴ $(س - ۱)$ ساطلا $=$ س۲ $+$ ص س $-$ ص

تو $(س - ۱)^۲$ طلا $=$ (س۲ $+$ ص س $-$ ص۲) ∴ لا $= \frac{(س^۲ + ص س - ص^۲)}{ط (س - ۱)^۲}$

سوالات عبارتی مساوات درجہ اول ایک مجہول مع حل

(۱) ۲۱ کو ایسے دو حصون مین تقسیم کرو کہ پہلی حصہ کی چوتہائی مین دوسری حصہ کا $\frac{۱}{۵}$ جمع کرین تو حاصل جمع ۵ ہو فرض کرو کہ ۲۱ مین سے ایک حصہ لا ہے تو ضرور دوسرا ۲۱ $-$ لا ہوگا اسلئے بموجب شرایط سوال کے $\frac{لا}{۴} + \frac{۲۱ - لا}{۵} = ۵$ کسر سے خارج کیا تو ۵لا $+$ ۸۴ $-$ ۴لا $=$ ۱۰۰ ∴ لا $=$ ۱۶

∴ ۲۱ $-$ لا $=$ ۵ ہے پس دو حصہ ۱۶ اور ۵ ہین

(۲) وہ کونسا عدد ہے کہ جسکا دونا ۵۰ سے اتنا زیادہ ہے جتنا کہ اوسکا نصف ۵۰ سے کم ہے فرض کرو کہ وہ عدد لا ہے بموجب شرایط سوال کے ۲لا $-$ ۵۰ $=$ ۵۰ $- \frac{لا}{۲}$ حل کرنے مساوات کے لا $=$ ۴۰ پس وہ عدد ۴۰ ہے

(۳) ایک حوض ایک فوارہ سے ۴ گہنٹون مین اور دوسری فوارہ سے ۳ گہنٹون مین اور تیسرے سے ۲ گہنٹون مین بہر جاتا ہے اب تینون فوارے ایک ہی ساتہہ کہولدین تو کتنے دیر مین حوض پر ہوگا فرض کرو کہ لا گہنٹہ مین پر ہوگا ـ پس اول فوارہ کہ ۴ گہنٹہ مین ایک حوض پر کرتا تہا لا گہنٹہ مین $\frac{لا}{۴}$ حصہ حوض بہریگا ـ اسطرح دوسرا فوارہ لا گہنٹہ مین $\frac{لا}{۳}$ اور تیسرا $\frac{لا}{۲}$ حصہ حوض بہریگا ـ لیکن بموجب فرض کے مجموعہ ان سب کا برابر ایک کی ہوگا

∴ $\frac{لا}{۴} + \frac{لا}{۳} + \frac{لا}{۲} = ۱$ کسر سے خارج کیا

تو ۱۳لا $=$ ۱۲ ∴ لا $= \frac{۱۲}{۱۳}$ حصہ گہنٹہ کے جسمین تینون فواری حوض کو

(۴) زید اور عمر دو شخصون نے برابر روپیہ سوداگری مین لگایا اول سال کے شروع مین

زید کو پانچ روپیہ اور عمر کو ۳۵ روپیہ کا نفع ہوا اور عمر کا روپیہ زید کا [illegible] سہ گونہ سے
ہو گیا تو بتلاؤ کہ ہر ایک نے کتنا روپیہ سوداگری میں لگایا تھا   فرض کرو کہ ہر ایک نے
لا روپیہ لگایا تھا تو اول سال کے شروع میں زید کا روپیہ لا + ۵ اور عمر کا لا + ۳۵ ہو گا
مگر یہ (لا + ۳۵) بموجب شرائط سوال کے لا + ۵ سے سہ گنا ہے
∴ لا + ۳۵ = ۳ (لا + ۵)   ∴ لا = ۱۰ = روپیہ ہر ایک کے جو سوداگری میں لگایا تھا

(۵) عدد ۱۰۰ کو ایسے دو حصوں میں تقسیم کرو کہ اگر ایک کو ۱۵ سے اور دوسرے کو ۵ سے
تقسیم کریں تو خارج قسمتوں کا مجموعہ = ۱۰ کے ہو   فرض کرو کہ ایک حصہ
لا ہے تو ضرور دوسرا حصہ ۱۰۰ − لا ہو گا ۔ اسلئے لا/۵ = ایک خارج قسمت ہے
اور (۱۰۰ − لا)/۱۵ = دوسری خارج قسمت ہے ۔ اسلئے بموجب شرائط سوال کے
لا/۵ + (۱۰۰ − لا)/۱۵ = ۱۰   ∴ لا = ۲۵   پس ایک حصہ ۲۵ ہے
اور دوسرا ۱۰۰ − ۲۵ = ۷۵ ہے

(۶) زید اور عمر کی عمروں میں ۳ اور ۴ کی نسبت ہے لیکن ۱۲ برس گذرے کہ ان کی
عمروں میں ۹ اور ۱۴ کی نسبت تھی تو بتاؤ ہر ایک کی عمر   فرض کرو کہ زید کی عمر
۳لا تو ضرور عمر کی ۴لا ہو گی ۔ کیونکہ انمیں ۳ و ۴ کی نسبت پائی جاتی ہے
مگر ۱۲ برس پہلے زید کی عمر ۳لا − ۱۲ اور عمر کی ۴لا − ۱۲ برس کی ہو گی اور اسلئے
بموجب شرط دوم سوال کے تناسب ذیل ہو گا ۳لا − ۱۲ : ۴لا − ۱۲ :: ۹ : ۱۴
∴ ۴۲لا − ۱۶۸ = ۳۶لا − ۱۰۸   ∴ لا = ۱۰
پس ۳لا = ۳۰ = زید کی عمر ہے اور ۴لا = ۴۰ = عمر کی عمر ہے

(۷) [illegible] زید [illegible] ۱۲ [illegible]

جذر جمع ایک کو بناؤ اوس عدد کو فرض کیا کہ وہ عدد لا ہی

تو √(۲لا + ۹) = دوگنی عدد مذکور ربعہ ۹ کے جذر سے اور √(۲لا) + ۱ = اوسکے

دوچند کا جذر جمع ایک کو مگر بموجب شرایط سوال کے یہہ دونون حاصل برابر ہین

∴ √(۲لا + ۹) = √(۲لا) + ۱ مجذور کیا طرفین کو

∴ ۲لا + ۹ = ۲لا + ۲√(۲لا) + ۱ ∴ √(۲لا) = ۴

∴ لا = ۸ = عدد مطلوب ہے

(۸) وہ عدد دریافت کرو کہ جسکو ۵ سے ضرب کرین اور حاصل سے ۴۴ تفریق کرین اور حاصل تفریق کو ۶ سے تقسیم کرین اور خارج قسمت مین ۱۳ جمع کرین تو وہی عدد حاصل ہو فرض کرو کہ وہ عدد لا ہی پس بموجب شرایط سوال (۵لا − ۴۴)/۶ + ۱۳ = لا بعد حل کے لا = ۳۴ پس ۳۴ عدد مطلوب ہی

(۹) ایک عہدہ دار اپنی فوج کو مربع مجسمی مین کھڑا کرتا ہی اور ایسا کرنی سے ۶۰ آدمی بچتی ہین بعد سامنی کی قطارین ۶ آدمی بڑہا دیتا ہی اور بنسبت پیشتر کی چار قطارین کہٹا دیتا ہی اور تب صرف ۴ آدمی بچتی ہین دریافت کرو کہ اوسکی پاس کتنے آدمی ہتی

فرض کرو کہ اوس مربع مجسمی کے ایک ضلع مین لا آدمی ہتی تو ضرور کل مربع مین لا۲ آدمی ہونگی اور چونکہ بعد مربع کے ۶۰ آدمی بچ رہی اسلئی عہدہ دار کی پاس کل آدمی (لا۲ + ۶۰) ہونگی اور بموجب شرط دوم جب ایک قطار مین ۶ آدمی بڑہائی اور دوسری مین سے ۴ آدمی کہٹا دئی یعنی (لا + ۶)(لا − ۴) اتنی آدمی کہڑی کئی تو چار آدمی رہی پس اگر انمین چار جمع کرین تو یہی مجموعہ یعنی لا۲ + ۶۰ کے برابر ہو جاوینگی

∴ لا۲ + ۶۰ = (لا + ۶)(لا − ۴) + ۴ بعد حل کے لا = ۴۰

∴ لا۲ + ۶۰ = ۱۶۶۰ کی پس اتنی آدمی فوج مین تهی

(۱۰) سب شریکونکو یقین هوا کی کس تین تین روپیه دینی پڑی لیکن اونمین چار شریک اور آن ملی تو فی کس دو دو روپیه دینی پڑی بتلاؤ پهلی کی شریک تهی

فرض کرو کہ لا شریک تهی تو ۳لا روپیه دینا پڑا هوگا اور لا + ۴ شریک هوی تو ۲ (لا+۴) روپیه دینا پڑا ∴ ۳لا = ۲ (لا+۴) اسلئی لا = ۸ پس ۸ شریک تهی

(۱۱) ایک مستطیل ۶ فیٹ لنبا اور کچهه چوڑا هی اگر مستطیل مذکور ۳ فیٹ زیاده چوڑا هوتا تو رقبه اوسکا ۳۰ فیٹ مربع هوتا بتاؤ کہ وه کتنا چوڑا تها فرض کرو لا فیٹ چوڑا تها اور جب ۳ فیٹ زیاده کیا چوڑای = لا+۳ فیٹ کی هوتی جب اسکو طول یعنی ۶ فیٹ مین ضرب کیا تو برابر مساحت یعنی ۳۰ کی هوا ∴ ۶ (لا+۳) = ۳۰ ∴ لا = ۲

(۱۲) سوا پانچ روپیه من کے چانول سوا چار روپیه من سے چانولونمین ملائی گئی هین بالکل ملاوٹ سے چانول ۱۰۰ من هوئی اور انکی قیمت ۵۰۵ روپیه هین بتاؤ هر قسم سے کتنے چانول تهی فرض کرو کہ سوا پانچ روپیه من کے چانول لا من هین تو ضرور سوا چار روپیه من کے (۱۰۰ − لا) من هونگی اسلئی لا (۲۱/۴) = قیمت لا من چانول کی سوا پانچ روپیه من کے حساب سے اور (۱۰۰ − لا) (۱۷/۴) = قیمت دوسری قسم کی سوا چار روپیه من کے حساب سے

∴ لا (۲۱/۴) + (۱۰۰ − لا) (۱۷/۴) = ۵۰۵ ∴ ۲۱لا/۴ + (۱۷۰۰ − ۱۷لا)/۴ = ۵۰۵

∴ لا = ۸۰ = ایک قسم کے چانول کی اور ۱۰۰ − لا = ۲۰ = دوسری قسم کے چانول کی

(۱۳) اگر پانچ گنی ایک عدد مین ۴ جمع کرین تو جذر مجموعه کی مساوی هوگی ۲ جمع جذر سه چند اوسی عدد کو فرض کیا کہ وه عدد لا هی تو بموجب شرائط سوال کے

√(۵لا + ۴) = ۲ + √(۳لا) بعد عمل لا = ۱۲ پس وه عدد ۱۲ هی

(۱۴) زید ایک شخص کو چار روپیہ سالانہ سود پر (۵۵۰۰) روپیہ قرض دیتا ہی اور ساڑھے چار برس بعد (۸۰۰۰) پانچ روپیہ سیکڑہ سالانہ سود پر دیتا ہی تو بتاؤ کہ کتنے برس مین سود کے جمع برابر ہوگی   فرض کیا کہ لا برس مین تو بموجب شرایط سوال کے

۴لا × ۵۵ = ۵لا × ۸۰ − ۸۰ × ۴۵/۲ ∴ ۲۲۰ لا = ۴۰۰ لا − ۱۸۰۰

∴ لا = ۱۰ پس دس برس مین دونونکی سود کی جمع برابر ہوجاویگی

(۱۵) ایک سیج گاڑی کے ہر اگلی پہیہ کا محیط ۵ ۱/۴ فیٹ اور ہر پچھلے پہیہ کا ۷ ۷/۸ فیٹ ہی جبکہ اگلا پہیہ پچھلے پہیہ سے (۴۰۰۰) دفعہ زیادہ گھوما تو گاڑی نے کتنی مسافت طی کی ہوگی   فرضکرو کہ لا فیٹ مسافت طی کی ہوگی ∴ ۲۱/۴ فیٹ : لا فیٹ :: ۱ گھوم : جواب

∴ ۴لا/۲۱ = تعداد گردشون اگلی پہیہ کی جو لا فیٹ مسافت طی کرنیمین ہوئین اسیطرح

۸لا/۶۳ = تعداد گردشون پچھلی پہیہ کی لا فیٹ مسافت مین

∴ بموجب شرط سوال ۴لا/۲۱ − ۸لا/۶۳ = ۴۰۰۰   کسر سے خارج کیا

تو ۱۲لا − ۸لا = ۲۵۲۰۰۰ ∴ ۴لا = ۲۵۲۰۰۰

∴ لا = ۶۳۰۰۰ فیٹ کل مسافت ہے اور یہہ برابر ۱۱ میل اور ۹۸۰ گز کے

(۱۶) گھڑی کی ایک سوئی ۱۲ گھنٹہ مین دورہ پورا کرتی ہی اور دوسری ایک گھنٹہ مین اور ۱۲ بجے دونو ایک مقام پر ملی ہوئی ہین تو بتاؤ کہ بعد ۱۲ بجے کے کتنے دیر بعد ملینگے   فرضکرو کہ پہر لا گھنٹے بعد ملین گی اسلئے ۱۲ گھنٹہ والی سوئی لا گھنٹہ مین لا/۱۲ دورہ طی کریگی اور ایک گھنٹہ والی لا گھنٹہ مین لا دورہ طی کریگی اور چونکہ ایک گھنٹہ والی سوئی بارہ گھنٹہ والی سے ایک دورہ زیادہ طی کر چکی ہوگی ∴ لا − لا/۱۲ = ۱ ∴ ۱۲لا − لا = ۱۲ یعنے ۱۱لا = ۱۲ ∴ لا = ۱۲/۱۱ تعداد گھنٹونکی جنمین

(۱۷) ایک سوئی ۱۰ گہنٹے مین اور دوسری ۱۲ گہنٹے مین دورہ تمام کرتی ہی تو بتلاؤ کہ یہہ سوئیان ایک جگہ سے ہوئین سے کتنے گہنٹے بعد ملین گین فرضکرو کہ لا گہنٹے بعد ملین گی

اسلئی موافق سوال پہلی کی $\frac{لا}{۱۰} - \frac{لا}{۱۲} = ۱$ ∴ ۱۲لا − ۱۰لا = ۱۲۰

∴ لا = ۶۰ سے کے پس ۶۰ گہنٹے بعد ملین گین

(۱۸) زید اور عمر ایک کام کو ۱۰ روز مین کرتے ہین مگر زید اکیلا ۱۶ روز مین تو عمر اکیلا کتنے روز مین کریگا فرض کرو کہ عمر اکیلا لا روز مین کریگا

اسلئی بقاعدہ اربعہ $\frac{۱۰}{لا}$ = اوس کام عمر کی جو عمر نی ۱۰ روز مین کیا

∴ اور $\frac{۱۰}{۱۶}$ = اوس کام سے کے جو زید نی ۱۰ روز مین کیا

∴ $\frac{۱۰}{لا} + \frac{۱۰}{۱۶} = ۱$ ∴ ۱۶۰ + ۱۰لا = ۱۶لا

∴ ۶لا = ۱۶۰ ∴ لا = $۲۶\frac{۲}{۳}$ پس اتنی روزونمین عمر اکیلا کام کریگا

(۱۹) وہ کونسے واعداد ہین کہ جنکا حاصل جمع ۱۳ اور اونکی مجذورونکی حاصل تفریق ۶۵ ہی فرض کرو کہ ایک لا ہی تو ضرور دوسرا عدد (۱۳ − لا) ہوگا

اسلئی بموجب شرط سوال کے $(۱۳ - لا)^۲ - لا^۲ = ۶۵$

یعنی $۱۶۹ - ۲۶لا + لا^۲ - لا^۲ = ۶۵$

∴ لا = ۴ یہہ ایک عدد ہی اور ۱۳ − لا = ۹ یہہ دوسرا عدد ہی

(۲۰) مجموعہ دو عددونکا ۵۶ ہی اور حاصل تفریق ۴۴ دریافت کرو وہ عدد

فرضکرو کہ ایک لا تو دوسرا ضرور ۵۶ − لا ہوگا تو بموجب شرط دوم سے کے

(۵۶ − لا) − لا = ۴۴ ∴ لا = ۶ = ایک عدد

۵۶ − ۶ = ۵۰ = دوسری عدد ہے

(۴۱) ایک لکڑی کا ۱/۴ حصہ پانی میں ہی اور ۱/۱۰ حصہ مٹی میں دبا ہوا ہی اور ۱۳ فیٹ باہر ہی تو بتلاؤ کہ وہ لکڑی کتنی فیٹ کی ہی — فرض کرو کہ لکڑی لا فیٹ کی ہی

∴ لا/۴ + لا/۱۰ + ۱۳ = لا ∴ لا = ۲۰

(۴۲) وہ کونسا عدد ہی کہ جس میں ۱ اور ۵ اور ۱۳ جدا جدا جوڑین تو پہلی جمع دوسری سے وہ نسبت رکھی جو کہ دوسری کو ہی تیسری سے — فرض کرو کہ وہ عدد لا ہی اسلئے لا + ۱ = پہلی جمع کی اور لا + ۵ = دوسری جمع کی اور لا + ۱۳ = تیسری جمع کے

∴ لا + ۱ : لا + ۵ :: لا + ۵ : لا + ۱۳ سے

∴ (لا + ۱)(لا + ۱۳) = (لا + ۵)(لا + ۵) ∴ لا = ۳

(۴۳) زید بریلی سے میرٹھ کو چلا اور اسیوقت عمر میرٹھ سے بریلی کو اور دونوں شہروں میں فاصلہ ۸۵ کوس کا ہی زید کی رفتار ۲ گھنٹے میں تین میل اور عمر کی ۳ گھنٹے میں ۴ میل ہی تو بتلاؤ کہ وہ کتنی گھنٹے بعد ملینگے اور کتنی دور پر میرٹھ اور بریلی سے

فرض کرو کہ لا گھنٹے بعد ملینگے پس بقاعدہ اربعہ ۲ : لا :: ۳ : ج

اسلئے ۳لا/۲ = تعداد میلوں کے جو کہ زید نے لا گھنٹے میں چلی کئی اور اسیطرح

۴لا/۳ = تعداد میلوں کے جو کہ عمر نے لا گھنٹے میں چلی کئی

∴ ۳لا/۲ + ۴لا/۳ = ۸۵ یعنی کل فاصلہ کی ∴ ۹لا + ۸لا = ۵۱۰

∴ لا = ۳۰ پس (۳۰) گھنٹوں میں وہ دونوں ملے

اور جب ہر ایک کی رفتار (۳۰) گھنٹے کی نکالی تو میرٹھ سے ۴۰ کوس اور بریلی سے ۴۵ کوس

(۴۴) زید عمر سے کہتا ہی کہ اگر تو مجھے ۵۰ روپیہ دے تو میرے پاس تجھ سے تگنے روپیہ ہو جاویں لیکن میں اگر ۵۰ روپیہ تجھے دوں تو میرے اور تیرے پاس برابر روپیہ ہو جاویں دریافت کرو ہر شخص کے پاس کتنے کتنے روپیہ

واضح ہو کہ ایسے سوالونکے واسطے ایسا فرض کرنا چاہئے کہ جس مین ایک شرط پوری ہوجاوے

اسلئے فرض کیا کہ زید کے پاس ۳لا + ۱۰۰ اور عمر کے پاس لا + ۱۰۰ روپیہ ہین

اسلئے بموجب شرط دوم کے ۳لا + ۵۰ = لا + ۱۵۰ ∴ لا = ۵۰

∴ ۳لا + ۱۰۰ = ۲۵۰ یہہ زید کے پاس تھے اور لا + ۱۰۰ = ۱۵۰ یہہ عمر کے پاس تھے

(۴۵) وہ کسر دریافت کرو کہ اوسکی فوقانی کو تحتانی مین ملادین تو قیمت اوسکی = ۳/۸ کے ہو

اور اگر فوقانی مین ایک اور تحتانی مین ۱۱ ملاوین تو برابر ۱/۴ کے ہوجاوے

موافق سوال بالا کے فرض کرو کہ وہ کسر ۳لا/۵لا ہے جس مین اول شرط پائی جاتی ہے

تو بموجب شرط دوم کے (۳لا + ۱)/(۵لا + ۱۱) = ۱/۴ ∴ ۱۲لا + ۴ = ۵لا + ۱۱

∴ لا = ۱ ∴ ۳لا/۵لا = ۳/۵ پس ۳/۵ کسر مطلوب ہے

(۴۶) ایک شخص کے پاس دو قسم کا گلاب ہے ایک قسم کا فی شیشہ ۱ ۷/۸ روپیہ دوسری قسم کا فی شیشہ بارہ (۱۲) آنہ اب وہ دونونکو ملا کر چودہ (۱۴) آنہ والا شیشہ بنایا چاہتا ہے

تو ہر ایک قسم کا کتنا کتنا گلاب ملاوے فرض کرو کہ لا شیشہ

اول قسم تو ضرور (۱ - لا) دوسری قسم کا

اسلئے لا شیشہ کی قیمت (۳۰) آنہ فی شیشہ کے حساب سے (۳۰لا) آنہ ہوئی

اور (۱ - لا) کی (۱۲) آنہ کے حساب سے ۱۲(۱ - لا) ہوئی مگر بموجب شرائط سوال کے

مجموعہ انکا = ۱۴ کے ∴ ۳۰لا + ۱۲(۱ - لا) = ۱۴ سے

بعد عمل لا = ۱/۹ اور ۱ - لا = ۸/۹ پس اول قسم کی ۱/۹ دوسری قسم کی

۸/۹ ملانے سے (۱۴) آنہ کی شیشہ فروخت ہوجاویگا

سوالات مساوات درجہ اول یک مجہول سے بحل

(۱) لا + لا/۲ = لا/۳ + ۷/۲ — اسمین لا = ۳

(۲) لا/۶ + لا/۴ + ۱۰ = لا/۳ − لا/۲ + ۱۷ — ایضاً لا = ۱۲

(۳) لا − لا/۲ + ۲لا/۳ − ۳لا/۴ + ۴لا/۵ = ۵لا/۶ + ۵ ۳/۴ — اسمین لا = ۱۵

(۴) (لا+۱)/۵ + ۳ = (۲لا−۳)/۳ — ایضاً لا = ۹

(۵) ۹/۲لا − ۴ = ۲/۳ — ایضاً لا = ۲۷/۲۸

(۶) ۱۳ ۳/۴ − لا/۲ = ۲لا − ۸ ۳/۴ — ایضاً لا = ۹

(۷) (۲لا+۳)/۹ + (لا+۱)/۱۰ = لا − (لا−۹)/۱۵ − ۲ ۳/۵ — اسمین لا = ۶

(۸) ۱/لا + ۱/۲لا + ۱/۳لا = ۷/۳ — ایضاً لا = ۱۱/۱۴

(۹) ۳لا + (۱۲−۵لا)/۲۱ = ۲لا + (لا+۷)/۹ — ایضاً لا = ۱

(۱۰) لا/۲ + ۱/(۱ ۱/۲) = (لا−۲)/۳ + (لا+۳)/۴ — ایضاً لا = ۷

(۱۱) (۷لا+۵)/۱۲ − (۴لا−۱)/۱۵ = ۷ − (۳لا+۲)/۳۰ — ایضاً لا = ۱۳ ۳/۴

(۱۲) ۷لا − (لا+۹)/۴ = ۳۶ + ۳/۸ لا — ایضاً لا = ۶

(۱۳) (۱۲لا−۲)/۹ − (۱۸−۴لا)/۳ = لا + ۲ — ایضاً لا = ۳ ۱/۷

(۱۴) (۵لا+۲)/۹ − (۱۱لا−۸)/۱۴ = (۱۳لا−۵)/۲۱ + (۷لا+۱۳)/۱۴ − ۲ — ایضاً لا = ۲

(۱۵) (۷لا+۵)/۳ − (۴لا+۱۴)/۵ + ۶ = (۳لا+۹)/۲ — ایضاً لا = ۱

(۱۶) ۹لا − (۳لا−۶)/۷ + (۲۹لا+۴)/۳۳ = ۹ ۵۸/۲۳۱ − (لا−۱۹)/۲۱ — ایضاً لا = ۱

(۱۷) (۳لا−۱)/۷ + (لا−۶)/۴ − (۴لا−۲)/۱۲ = ۲ − (لا+۲)/۳۸ — ایضاً لا = ۵

(۱۸) ۳لا + ۷ − (۵لا+۷)/۳ = (۱۱لا+۲۶)/۷ — اسمین لا = ۴

(۱۹) لا + (۷لا−۲۲)/۳۶ − (۳لا−۱۳)/۱۴ = ۲۹ ۲۸/۲۹ − (۲لا−۱۵)/۵ − (لا−۱)/۸۷ — اسمین لا = ۱۷

(۱) ایک شخص نے (۲۴) روپیہ کی ایک گھوڑی اور ایک گائی خریدی لیکن گھوڑی کی قیمت گائی سے سہ گنی ہی تو بتلاؤ قیمت ہر ایک کی۔ **جواب** قیمت گھوڑی (۱۸) اور قیمت گائی (۶)

(۲) ایک شخص نے (۳۳۰) روپیہ زید عمر بکر کی درمیان تقسیم کئی زید کو بکر سے دونا اور عمر کو زید اور بکر کی برابر ملا تو بتلاؤ ہر ایک شخص کو کتنے کتنے روپیہ ملے

جواب (۵۵) روپیہ بکر کو (۱۱۰) زید کو (۱۶۵) روپیہ عمر کو

(۳) فرق دو عدد ونکا ۴ ہی اور اگر تگنے بڑی عدد سے دوگنا چھوٹا عدد کم کیا جاوے تو ۹ باقی رہتی ہین بتلاؤ وے عدد کیا ہین **جواب** ۳ اور ۵

(۴) ایک نے میدا (۸۶۴) من غلہ اپنی تین لڑکونمین تقسیم کرنا چاہتا ہی اسطرحپر کہ اگر عمر کو (۱۱) من دیوے تو زید کو (۵) من اور بکر کو زید اور عمر کی برابر تو بتلاؤ کہ اسنے کتنے کتنے من ہر ایک لڑکے کو دیا

جواب (۲۹۷) من عمر کو اور (۱۳۵) من زید کو اور (۴۳۲) من بکر کو

(۵) ۱۴ روپیہ من کی چیزونمین ۸ روپیہ من کی چینی کتنی ملاؤ گے تو ملاوٹ کے چینی ۹ روپیہ من ہو جاویں

جواب ۶۰ من

(۶) ایک فوج مین ۲۱۰۰ آدمی ہین اوسمین افسر دسویں بیسویں ۳۰ گنے تلنگے اور تگنے سوار ہین دریافت کرو کہ ہر ایک کتنے ہین **جواب** افسر ۱۴۰ تلنگہ ۱۵۰۰ سوار ۴۵۰

(۷) زید کی عمر بکر کی عمر سے چوتہائی ہی لیکن چار برس بعد زید کی عمر تہائی ہو جاویگی بتلاؤ زید کی عمر کیا ہی **جواب** ۸ برس کی

(۸) زید کے پاس ۱۰۰ روپیہ اور عمر کے پاس ۴۸ روپیہ ہین عمر نے کسی شخص کو کچھ روپیہ دیا زید نے اس سے دونا دیا اور تب زید کی پاس عمر سے تگنا روپیہ باقی بچا بتاؤ کہ کتنے کتنا روپیہ دیا اور عمر نے کتنا دیا **جواب** زید نے ۸۸ اور عمر

(۹) ایک باغ مین کچهه درخت هین اون درختون مین سے ⅓ درخت نارنگی کے اور چوتهائی سیب کے اور ۳۵ جامن کے بتاؤ کل درخت کتنے هین — **جواب** ۸۴ درخت

(۱۰) ۳ روپیہ سیر کی دس سیر چاء مین ۲ روپیہ سیر کی کتنے چاء ملاوین کہ ملی ہوئی چاء کی قیمت فی سیر ڈهائی روپیہ ہو جاوے — **جواب** ۵ سیر

(۱۱) ایک شخص نے ۱۰ روپیہ منکی ۵ من شراب مین کچهه پانی ملاکر ۸ روپیہ من کے حساب سے بیچ ڈالی اور کچهه نقصان نہوا تو بتلاؤ کہ اُسنے کتنا پانی ملایا تها — **جواب** ۱¼ من

(۱۲) ایک زمیندار کی مرنیکے بعد اُسکے پانچ بیٹے زمین کو اسطرح تقسیم کرتے هین کہ عمر کو زید سے دس بیگہ کم اور بکر کو عمر سے ۱۶ بیگہ زیادہ اور خالد کو بکر سے ۵ بیگہ کم اور ولید کو خالد سے ۱۵ بیگہ زیادہ ملین اور دو اخیر شخصونکا مجموعہ دو اول شخصونکے مجموعہ کے برابر ہے بتاؤ کہ کل زمین کتنے تهی اور ہر شخص کو کتنی ملی — **جواب** کل زمین (۱۱۸) بیگہ اور ۲۱ بیگہ زید کو ۱۱ بیگہ عمر کو ۲۷ بکر کو ۲۲ خالد کو ۳۷ ولید کو

(۱۳) ا اور ب دونون شخصونکے پاس برابر برابر گولیان هین اگر ا کو ۸ اور ب کو ایک گولی اور دیجاوی تو ا کی گولیان ب کی گولیون سے دوچند ہو جاوین بتاؤ کہ ہر ایک کے پاس کتنے هین — **جواب** ہر ایک کے پاس ۶ هین

(۱۴) ایک آدمی نے پانچ فقیرونکو برابر برابر پیسے دئے اگر شخص مذکور ہر ایک فقیر کو تین تین پیسے اور دیتا تو اُسکے ۳۰ پیسے خرچ ہوتے بتاؤ ہر ایک کو کتنے پیسے دئے — **جواب** ۳

(۱۵) ایک شخص نے بهیڑ اور گائی اور بیل کی برابر برابر ۲۰۴ روپیہ کو خریدین ہر بهیڑ کی قیمت ۴ روپیہ ہر گائی کی ۱۲ روپیہ ہر بیل کی ۱۸ روپیہ بتاؤ کہ ہر قسم کی کتنی راسین خریدین — **جواب** ۶ ہر قسم کی خریدین

(۱۶) ایک بقال نے ۴۴ روپیہ کو کچھہ مال فروخت کیا اور اُسمین فی صدی دس آنہ روپیہ کا نفع ہوا تو بتاؤ کہ مال مذکور کتنے کو خرید اتہا **جواب** ۴۰ روپیہ کو

(۱۷) کسی شخص کے پاس مجموعہ اصل معہ نفع کا ۱۶ روپیہ ہے مگر اصل کی جمع فایدہ سے تگنی ہے بتاؤ اصل کیا ہے **جواب** ۱۲

(۱۸) ایک ایسا عدد دریافت کرو کہ اگر اسکو اسیکے نصف مین زیادہ کرین تو حاصل جمع ۸۰ سے اتنا زیادہ ہو جتنی کہ اسکی تہائی ۳۰ سے کم ہے **جواب** ۶۰

(۱۹) وہ کونسا عدد ہے کہ اوسکا ½ اور ⅓ اور ¼ کا مجموعہ اوسی عدد سے بقدر ۲ کی زیادہ ہے **جواب** ۲۴ ہے

(۲۰) دو شہروں مین ۱۴۰ کوس کا فاصلہ ہے اون شہروں سے زید و عمر بارادہ ملاقات کے ایک ہی وقت چلے زید فی یوم ۱۱ کوس اور عمر ۹ کوس چلتا ہے دریافت کرو کہ کی روز کے بعد دونوں ملیں گے **جواب** ۷ روز کے بعد

(۲۱) پانچ روپیہ سیر اور ۳ روپیہ سیر کی کچھہ چاہ ملی ہوئی ہے سب ملی ہوئی چاہ ۱۲ سیر کی قیمت ۵۴ روپیہ ہے بتاؤ کہ ہر قسم کی کتنی چاہ ہے **جواب** ۹ و ۳ سیر

(۲۲) ایک شخص اپنی نفع کا ½ اور ⅛ حصہ خرچ کرتا ہے باقی اسکو ۶ روپیہ نفع کے بچتے ہین بتاؤ کہ کل نفع کیا تہا **جواب** ۱۶

(۲۳) ایک عدد کے مربع سے ۱۲ تفریق کرین تو جو حاصل تفریق برابر ہے ۲ منفی اوسی عدد کے بتاؤ اس عدد کو **جواب** ۴

(۲۴) ایک شخص نے ۱۰۰ روپیہ کو کوئی چیز مول لی اور کچھہ نفع کو بیچی اور اصل اور نفع کی جو روپیہ ہوئے اوس کا پھر مال لیا اور اوسی حساب سے فروخت کی تو کل ۲۱ روپیہ نفع ہوا بتاؤ کہ نفع اول کیا ہے **جواب** ۱۰

(۲۵) زید و عمر ایک دیوار کو ۱۲ دن مین تیار کر سکتے ہین فقط عمر ۲۰ دن مین تو صرف زید کتنے دن مین

بتاؤ یگا جواب ۸۰ روز مین

(۲۶) ایک شخص مرتی وقت اپنی دولت کو اپنی تین لڑکون مین اسطرح پر تقسیم کر گیا کہ بڑی لڑکی کو نسبت سے
۱۰۰۰ کم اور دوسریکو ½ سے ۸۰۰ کم اور تیسریکو ⅓ سے ۶۰۰ کم ملین بتاؤ مالکل
روپیہ کتنا تہا اور ہر ایک لڑکی کو کتنا ملا جواب کل روپیہ
(۸۸۰۰) اور (۱۳۴۰۰) روپیہ بڑی لڑکی کو (۸۸۰۰) دوسریکو (۶۶۰۰) تیسریکو

(۲۷) ایک مچھلی کا ⅓ جسم مٹی مین اور ¼ پانی مین اور باہر ۳ فیٹ ہی تو بتلاؤ کہ کل مچھلی
کتنی فٹ کی ہی جواب ۷ ⅕ فیٹ کی ہی

(۲۸) زید عمر بکر کو تجارت مین ۵۴۰ روپیہ کا نفع ہوا اس حساب سے کہ زید سے عمر کو ۱۵۳ زیادہ کا
زیادہ نفع ہوا اور عمر سے بکر کو ۱۳۶ روپیہ کا کم بتاؤ ہر ایک کا نفع
جواب زید کو ۱۳۰ روپیہ عمر کو ۲۷۳ روپیہ بکر کو ۱۳۷ روپیہ

(۲۹) ایک قاصد کو جو کہ ۳۱ ½ میل پانچ گہنٹہ مین چلتا ہی گئی ہوئی ۸ گہنٹا گذری ہین کہ دوسرا
قاصد جو کہ ۳ ⅓ گہنٹہ مین ۲۲ ½ میل چلتا ہی پہلی قاصد کی پکڑنیکی لیی روانہ کیا گیا تو کہو دوسرا
پہلی کو کب پکڑیگا جواب ۴۲ گہنٹو نمین

(۳۰) ایک کہیت کو زید ۵ روز مین کاٹتا ہی اور عمر ۳ روز مین بتاؤ کہ دونون شامل ہو کر
اسی کہیت کو کتنے دنمین کاٹین گے جواب دنمین

(۳۱) ایک تہیلی مین کچہہ منصوری پیسے اور اسیقدر گنتی ایک آنہ کے پیسے ڈالی اگر ہم اس تہیلی مین سے
ہر قسم کے ۸ پیسے نکال لین تو ایک آنہ کی پیسے منصوری پیسے سے پانچ گنی بچتے ہین بتاؤ
ہر قسم کے کتنے تہی جواب ۱۰ منصوری پیسے اور ۱۰ ایک آنہ کے

(۳۲) ایک شخص نے کچہہ کتابین فروخت کین اگر وہ فی جلد ۳ روپیہ فروخت کرتا تو اسکو ۱۰۰ روپیہ کا

نقصان ہوتا اور اگر فی جلد ۷ روپیہ فروخت کرتا تو ۳۰۰ روپیہ کا فائدہ ہوتا بتاؤ
کہ کتنی کتابیں تھیں   جواب ۴۰۰

(۴۳) زید ۷۶۳ اور عمر ۵۹۶ روپیہ لیکر جوا کھیلنے بیٹھے اور بعد بہت سی جیت ہار کے
عمر کے پاس زید سے دو چند روپیہ ہوگیا بتاؤ کہ زید کتنے روپیہ ہارا   جواب ۳۱۰

(۴۴) ایک آدمی نے ۲۲ روپیہ ۸ شخصوں کو دیے مگر کچھہ آدمیوں کو دو دو دیا اور کچھ کو چار چار بتاؤ تعداد
ہر ایک قسم کے آدمیوں کی   جواب ۵ آدمی دو روپیہ والے اور ۳ چار روپیہ والے

(۴۵) ایک شخص نے کچھہ روپیہ پانچ روپیہ فی صدی ماہواری سود پر قرض لیے اور بعد ایک سال کے ہزار روپیہ
اصل معہ سود ادا کیے بتاؤ کہ اوسمیں کتنا سود اور کتنا اصل تھا   جواب اصل ۶۲۵ اور سود ۳۷۵

(۴۶) ایک شخص انار لینے گیا اگر فی انار تین تین پیسے دے تو کچھہ نہ بچے اور اگر دو دو پیسے
دے تو ۷ پیسے بچتے ہیں بتاؤ کتنے انار خرید کرتا تھا   جواب ۷

(۴۷) ایک باغبان نے دوسرے باغبان سے کہا کہ مجھکو اسوقت سو آم کی ضرورت ہے مگر تمہیں سے
ایک میرے پاس ہے باقی تم مجھے دے دو اُسنے جواب دیا کہ اتنے تو میرے پاس نہیں ہیں لیکن اتنے ہیں
کہ اگر انکو دو چند کرو اور اسکے ساتھہ اصل کی چوتھائی اور نصف اور ایک اپنا آم ملاؤ تو سو ہونگے بتاؤ
کہ دوسرے باغبان پر کتنے آم تھے   جواب ۳۶

(۴۸) زید کو عمر کے ۱۹۰ روپیہ اسطرحپر ادا کرنے ہیں کہ ۵۰ روپیہ چھہ مہینے بعد اور ۶۰
روپیہ سات مہینے بعد اور باقی روپیہ ۱۰ مہینے بعد مگر زید نے اکھٹا روپیہ اتنے مہینے بعد ادا کر دیا کہ اسکے
سود کا حساب ہو تو اتنا پڑا جو پہلی حالت میں دینا پڑتا بتاؤ کہ اُسنے سب روپیہ کتنے مہینے بعد ادا کیا ہوگا

جواب ۸ مہینے بعد

(۴۹) زید نے عمر سے اقرار کیا کہ ۱۰۰ روپیہ تمہارے اسطرحپر ادا کرونگا کہ آدھے روپیہ ۹ مہینے

بعد اور تہائی ۱۲ مہینے بعد اور باقی ۱۸ مہینے بعد مگر اسنی کل روپیہ موافق سوال بالا ایک ایسے وقت مین ادا کیا کہ سود وہی دینا پڑا بتاؤ وقت کیا ہی **جواب** ۱۱ ماہ

(۴۰) ایک صندوق مین تین تختہ لگی ہوئی ہین ایک تختہ ۳ گز لنبا اور ۲ گز چوڑا اور دوسرا ۵ گز لنبا اور ۳ گز چوڑا اور تیسرا ۷ گز لنبا اور ۵ گز چوڑا تو بتاؤ کہ اسکے غلاف مین ۱۷ گرہ کے عرض کا کتنا کپڑا صرف ہوگا **جواب** ۵۲ $\frac{12}{17}$ گز

(۴۱) ایک زمیندار ۳۰۰ روپیہ کا قرضدار ہی جسمین سے اسی کچھہ روپیہ پٹواریکا دینا ہی اور اسکی دو چند ساہوکار کا اور مجموعہ ان دونونکا سرکار کا تو بتاؤ کہ زمیندار کو سرکار کا کیا دینا ہے

جواب ۱۵۰ روپیہ

(۴۲) زید اور عمر کے پاس کچھہ روپیہ ہی مگر اتنا معلوم ہے کہ اگر دگنا زید کا روپیہ اور پانچ گونہ عمر کا روپیہ انکا مجموعہ ۲۵ ہوتا ہی تو بتاؤ کہ ہر ایک کے پاس کتنا روپیہ ہی

جواب زید کے پاس ۱۰ روپیہ اور عمر کے پاس ایک روپیہ

(۴۳) ایک شخص نے کچھہ انار ۱۵ آنہ میں کے خریدی مگر تہائی انار بحساب فی انار دو پیسے اور باقی بحساب فی انار ڈیڑھ پیسے کے خریدکی تو بتاؤ کہ کل انار کتنی تہی **جواب** ۹

(۴۴) وہ کونسا عدد ہی کہ اگر اسکو ۵ سے ضرب کرین اور حاصل مین سے ۲ کم کرین تو باقی کا نصف اصل عدد سے بمقدار ۵ کی زیادہ ہو **جواب** ۴

(۴۵) ایک سپاہی ۷۰ روپیہ اور چڑا ول سالانہ پر نوکر تہا لیکن ۶ مہینے بعد اسکا نام خارج ہوگیا تب بعوض تنخواہ کی ۳۰ روپیہ اور چڑاول دیا گیا بتاؤ قیمت چڑاول کیا ہتی **جواب** ۳۰ روپیہ

(۴۶) ایک ٹکڑا دہات کا جسمین تانبا اور جست ملا ہوا ہی وزن مین ۴۰ سیر ہی مگر ملاوٹ کی دہاتوں مین نسبت ہی جو ۳ کو ہی ۲ سے بتاؤ کہ ہر ایک دہات اسمین کتنی ہی **جواب** تانبا ۲۴ سیر اور جست ۱۶ سیر

(۴۷) ایک گھی کی کُپّی مین سے $\frac{1}{2}$ اور نصف کا چھٹا حصہ نکالنی سے ۱۴ سیر گھی باقی رہتا ہے بتاؤ اُسمین کتنا گھی ہی

جواب ۲۴ سیر

(۴۸) وہ کونسا عدد ہی کہ اگر اُسمین سے ۴ اور ۶ علیحدہ علیحدہ گھٹا وین تو پہلا گھٹا ہوا دوسرے گھٹے ہوئی سی وہ نسبت رکھی جو کہ ۵ کو ہی ۳ سے

جواب ۱۲

(۴۹) وہ کونسا عدد ہی کہ اگر اُسمین سے ۳ کم کرین اور باقی کے آدھی کو اُسی باقی مین سے کم کرین تو باقی ۷ رہے عدد مذکور کا ہیجی

جواب ۱۷

(۵۰) ایک شخص نے کچھ کبوتر اور کچھ طوطی تعداد مین ۲۰ سات روپیہ تیرہ آنہ کو اس حساب سے خریدی کہ ۳ کبوتر نو آنہ کو اور ایک طوطی سات آنہ کو دریافت کرو تعداد ہر ایک کی

جواب کبوتر ۶ اور طوطی ۱۴

(۵۱) زید نے عمر کو اس شرط پر نوکر رکھا کہ جسدن تو اچھا کام کریگا اُس روز پانچ آنہ دونگا جسدن برا کام کریگا اُس روز ۳ آنہ بطور جرمانہ واپس لونگا بعد ۲۰ روز کے عمر کو اپنی تنخواہ کے ۳ روپیہ ملی بتاؤ کہ اُسنے کتنے روز اچھا کام کیا اور کے روز برا

جواب ۱۴ روز اچھا اور ۶ روز برا

(۵۲) ایک سخی نے محتاجوں کو ۱۰۰ آنہ اسطرح پر تقسیم کئی کہ فی مرد [illegible] پیسے اور فی عورت [illegible] اور فی لڑکا ایک پیسہ اور بعد خیرات کی معلوم ہوا کہ مرد سے لڑکے دو چند اور عورت نصف ہین بتاؤ تعداد ہر ایک کی

جواب عورت ۸ لڑکے ۳۲ مرد ۱۶

(۵۳) ایک لڑکے نی اپنی باپ سی دریافت کیا کہ اسوقت میری عمر کتنی ہے اُسنی جواب دیا کہ تیری عمر میری کی $\frac{1}{4}$ سے ۳ سال زیادہ ہی مگر ۳ برس پیشتر میری عمر کی $\frac{1}{5}$ سے تیری عمر ۳ [illegible] دریافت کرو لڑکے کی عمر کیا ہی

جواب ۱۳ برس

(۵۴) دریافت کرو ایسے دو عدد کہ جنکا مجموعہ آ ہے اور انکی مجذوروں کا تفاوت ہ

جواب آ ہ سے ہے آ اور ہ

(۵۵) ایک زمیندار اپنی گانوں کی آمدنی کا ⅓ سرکار میں داخل کرتا ہے اور بیسوان حصہ خرچ میں لاتا ہے اور باقی کا ⅕ حصہ حق پٹواری وغیرہ مین خرچ کرتا ہے بعدہ اسکی پاس ۴۸ روپیہ سال بچتے مین بتاو جمع سرکار کیا ہے

جواب ۶۰۰ روپیہ

اب تک تو بیان مساوات درجہ اول یک مجہول کا ہوا اور اب مساوات دو یا تین مجہول وغیرہ کا بیان کیا جاتا ہے اور بعدہ آخر مین مشکل سوالات عبارتی اور مساواتی یک مجہول اور دو مجہول وغیرہ کی معہ حل ورہی حل لکھی جاوینگی

مساوات دو مجہول وغیرہ

(۱) مساوات دو یا تین مجہول وغیرہ کسکو کہتے ہین

جواب مساوات دو مجہول وہ ہے کہ جس مین دو مساواتین ہون اور دو حرف مجہول اور مساوات تین مجہول مین تین حرف مجہول اور تین ہی مساواتین ہوتی ہین اور چار مین چار اور علی ہذالقیاس

(۲) کیا ہے قاعدہ واسطے حل کرنے مساوات دو مجہول کے

جواب تین قاعدہ ہین اول یہ کہ اون دونون مساواتونکو جنسے قیمت حروف مجہول نکالنا منظور ہے اسطرح پر لکھو کہ مقادیر مجہولہ ایک طرف اور معلومہ ایک طرف ہو جاوین اب اگر دونون مساواتون مین کسی حرف مجہول کا سر یکسان ہو تو خیر ورنہ ایک مساوات کی ایک مجہول کے سر سے دوسری مساوات کی دونون طرفون مین ضرب کرو اور دوسری مساوات کے مجہول کے سر سے اول مساوات کی طرفین کو ضرب کرو بعد دونون مساواتونکو کے جمع

عدد سے ضرب یا تقسیم کرو تاکہ دونو مساواتونمین کسی ایک مجہول کا سر یکسان ہو جاوے
پھر اگر ان دونو چیزونمین جنمین سر عدد مجہول کا یکسان ہو جاوی علامت یک سی ہو تو
دونو مساواتونکو اپسمین تفریق کرنا چاہئے ورنہ جمع تاکہ اس تفریق یا جمع کرنی سی ایک
ایسے مساوات حاصل ہو جاویگی جسمین ایک ہی مجہول رہیگا کہ جسکی قیمت موافق قواعد
گذشتہ نکالنی چاہئے اور بعد ازان اس قیمت کو کسی مساوات مین دو مساواتون مذکورہ
سے رکھکر قیمت دوسری حرف مجہول کی نکالو جیسے مسائل ذیل سے واضح ہی

سوالات مساوات درجہ اول دو مجہول معہ حل

(۱) ۳لا + ۴ے = ۳۲
۴لا − ۴ے = ۲۴

دریافت کرو قیمت لا و ے چونکہ سر ے کا دونو مساواتونمین یکسان ہی اور علامت منفی اسلئے دونون مساوات کو جمع کیا

تو ۷لا = ۵۶ ∴ لا = ۸ اب اول مساوات مین بجای لا کی قیمت آٹھ یعنے عدد ۸ رکھا

تو ۲۴ + ۴ے = ۳۲ ∴ ے = ۲ ہے

(۲) ۲لا + ۵ے = ۲۵ مساوات اول کو ۳ سے جو کہ سر لا مساوات دوم مین ہی
اور ۳لا + ۴ے = ۲۷ اور دوم کو ۲ سے جو کہ سر لا مساوات اول مین ہی ضرب کیا

تو اول سے ۶لا + ۱۵ے = ۷۵
ان دونونکو اپسمین تفریق کیا اسلئے کہ علامت سر لا کی ایک سی ہی
اور دوم سے ۶لا + ۸ے = ۵۴

تو ۷ے = ۲۱ ∴ ے = ۳ اب مساوات دوم مین بجائی ے کے
قیمت ے یعنے عدد ۳ رکھا تو ۳لا + ۱۲ = ۲۷ ∴ لا = ۵ ہے

حاصل قاعدہ یہ کہ ایک مساوات سے قیمت ایک مجہول کی نکالی جاوی اور دوسری

مساوات سے بھي اُسی مجہول کي قیمت نکالکر اُن دونوں قیمتوں حاصل شدہ سے ایک
مساوات بنا کر حسب قاعدہ مساوات یکحرفي قیمت نکالو

(٣) ٢لا + ٣ی = ١٢
اور ٣لا + ٤ی = ١٧
مساوات اول و دوم سے قیمت لا کي نکالي

تو اول سے لا = (١٢ − ٣ی) / ٢
اور دوم سے لا = (١٧ − ٤ی) / ٣
∴ (١٢ − ٣ی) / ٢ = (١٧ − ٤ی) / ٣ کسر سے خارج کیا

∴ ٣٦ − ٩ی = ٣٤ − ٨ی ∴ ی = ٢ اب اول مساوات مین
بجاي ی کے قیمت رکھي تو ٢لا + ٦ = ١٢ ∴ لا = ٣ ہے

تیسرا قاعدہ یہہ کہ ایک مساوات سے قیمت ایک مجہول کي نکالکر دوسري مساوات مین
بجاي اُسکي قیمت کو رکھو

(٤) ٤لا − ٥ی = ٣٥
اور ٣لا + ٧ی = ٣٧
دریافت کرو قیمت لا و ی

مساوات اول سے قیمت لا = (٣٥ + ٥ی) / ٤ اِسکو دوم مساوات مین بجاي لا کي رکھا
تو ٣ ((٣٥ + ٥ی) / ٤) + ٧ی = ٣٧ ∴ ١٠٥ + ١٥ی + ٢٨ی = ١٤٨
∴ ٤٣ی = ٤٣ ∴ ی = ١ اب دوم مساوات مین بجائی ی کے قیمت رکھی
تو ٣لا + ٧ = ٣٧ ∴ ٣لا = ٣٠ ∴ لا = ١٠ ہے

یاد رہے کہ اگر مساوات مین کسر ہو تو پہلي کسر سے خارج کریں بعد ازان اُن تینون
قواعد مذکورہ سے حسب قاعدہ سے حل آساني سے جو ہو سکے
کرنا چاہیے

(۵) $\frac{۴}{ی+۵} = \frac{۵}{لا+۱۴}$ بعد اخراج کسر اول سے یہہ حاصل ہوا
اور ۳ لا + ۵ ی = ۳۵

کہ ۴۸ + ۴ لا = ۵۴ + ۵ ی یعنے ۴ لا − ۵ ی = −۲۳

اور دوسری مساوات یہہ ہے کہ ۲ لا + ۵ ی = ۳۵

جمع کیا دونوں کو تو ۶ لا = ۱۲ ∴ لا = ۲

اسلیئے دوم سے ۴ + ۵ ی = ۳۵ یعنی ۵ ی = ۳۱ ∴ ی = $۶\frac{۱}{۵}$

(۶) $\frac{لا}{۹} + \frac{ی}{۵} = \frac{لا}{۲} + ۲$ دونو مساواتوں کو کسر سے خارج کر کے منتقل کیا
$\frac{لا}{۴} + \frac{ی}{۳} = \frac{۳ی}{۱۰} + ۴$

تو اول سے حاصل ۶ ی − ۱۰ لا = ۶۰ اول حاصل سے دوم کے حاصل کو ۱۰ مین ضرب کر کے تفریق کیا
دوم سے ۲ ی + ۵ لا = ۲۴۰

تو ۵۵ لا = ۶۶۰ ∴ لا = ۱۲ اول حاصل مین بجای لا کی ۱۲ رکہا

تو ۶ ی − ۱۲۰ = ۶۰ ∴ ی = ۳۰

(۷) $\frac{لا ی}{لا + ی} = ۶$ دریافت کرو قیمت لا اور ی
$\frac{لا ی}{لا − ی} = ۳۰$

اول سے لا ی = ۶ لا + ۶ ی ∴ ی لا − ۶ لا = ۶ ی ∴ لا = $\frac{۶ ی}{ی − ۶}$

اسیطرح دوسری مساوات سے لا = $\frac{۳۰ ی}{۳۰ − ی}$ دونوں قیمتوں لا سے مساوات بنائی

تو $\frac{۶ ی}{ی − ۶} = \frac{۳۰ ی}{۳۰ − ی}$ طرفین کو ۶ ی سے تقسیم کیا

اسلیئے $\frac{۱}{ی − ۶} = \frac{۵}{۳۰ − ی}$ ∴ ۳۰ − ی = ۵ ی − ۳۰

∴ ۶ ی = ۶۰ ∴ ی = ۱۰ چونکہ لا = $\frac{۶ ی}{ی − ۶}$

∴ $لا = \frac{۱۰ \times ۶}{۱۰ - ۶} = \frac{۶۰}{۴} = ۱۵$ ∴ $لا = ۱۵$ ہے ۔

(۸) $\frac{ط}{لا} + \frac{ص}{ی} = ر$
اور $\frac{ص}{لا} + \frac{ط}{ی} = ب$
} مساوات اول کو ص سے اور دوم کو ط سے ضرب کیا تاکہ تفریق کرنے سے ایک حرف مجہول خارج ہو جاوے

∴ اول سے $\frac{ص ط}{لا} + \frac{ص^۲}{ی} = ص ر$
دوم سے $\frac{ص ط}{لا} + \frac{ط^۲}{ی} = ب ط$
} اول سے دوم کو تفریق کیا

تو $\frac{ص^۲ - ط^۲}{ی} = ص ر - ط ب$ ∴ $ی = \frac{ص^۲ - ط^۲}{ص ر - ب ط}$

اور اگر مساوات اول کو ط سے اور دوم کو ص سے ضرب کر کے تفریق کریں تو حاصل ہوگا

$لا = \frac{ط^۲ - ص^۲}{ط ر - ص ب}$

(۹) $\frac{لا^۲ + ی^۲}{لا^۲ - ی^۲} + \frac{لا}{لا + ی} = \frac{ی}{لا - ی} + ۱\frac{۸}{۱۷}$
اور $۳۴ = لا + ی$
} دریافت کرو قیمت لا و ی

مساوات اول سے $\frac{۲۵}{۱۷} = \frac{لا^۲ + ی^۲}{لا^۲ - ی^۲} + \frac{لا}{لا + ی} - \frac{ی}{لا - ی} =$

$\frac{لا^۲ + ی^۲}{لا^۲ - ی^۲} + \frac{لا^۲ - لا ی}{لا^۲ - ی^۲} - \frac{لا ی + ی^۲}{لا^۲ - ی^۲} = \frac{۲ لا^۲ - ۲ لا ی}{لا^۲ - ی^۲} = \frac{۲ لا}{لا + ی}$

∴ $\frac{۲۵}{۱۷} = \frac{۲ لا}{لا + ی}$ ∴ $۲۵ لا + ۲۵ ی = ۳۴ لا$

∴ $۲۵ ی - ۹ لا = ۰$ ، اور دوم سے $۳۴ = لا + ی$ ہے ۹ میں ضرب کیا

∴ $۹ لا + ۹ ی = ۳۰۶$ جمع کیا دونوں کو

∴ $۳۴ ی = ۳۰۶$ ∴ $ی = ۹$

مگر $لا + ی = ۳۴$ ∴ $لا + ۹ = ۳۴$ ∴ $لا = ۲۵$

(۱۰) $ی : لا + ۱ :: ۳ : ۵$
اور $\frac{۲ لا}{۳} - \frac{۵ - ی}{۲} = \frac{لا + ۱}{۱۲} - \frac{۲ لا - ۱}{۴}$
} دریافت کرو قیمت لا اور ی

تو اول سے $\frac{٢}{ل} - \frac{٢}{ی} = -١$
دوم سے $-\frac{٢}{ل} + \frac{٢}{ی} = \frac{٣}{٢}$
جمع کیا تو $\frac{١}{ل} = \frac{١}{٤}$

$\therefore$ $ل = ٤$ $\therefore$ $\frac{٢}{٤} - \frac{٢}{ی} = -١$ $\therefore$ $ی = ٢$ ہے کے

(١٣) $ی + \sqrt{ل} = ٤$
$٢ی - \sqrt{ل} = ٢$
[illegible]
ہر ایک مساوات سے قیمت ی دریافت کی

مساوات اول سے $ی = ٤ - \sqrt{ل}$
اور دوم سے $ی = \frac{٢ + \sqrt{ل}}{٢}$
$\therefore$ $٤ - \sqrt{ل} = \frac{٢ + \sqrt{ل}}{٢}$

$\therefore$ $٨ - ٢\sqrt{ل} = ٢ + \sqrt{ل}$ $\therefore$ $٣\sqrt{ل} = ٦$

$\therefore$ $\sqrt{ل} = ٢$ $\therefore$ $ل = ٤$ اب مساوات اول مین بجائی لا قیمت لا رکہدی

تو $ی = ٤ - \sqrt{٤} = ٤ - ٢$ $\therefore$ $ی = ٢$

واضح ہو کہ جب مساوات مین تین مجہول ہون تو ضرور مساواتین بہی تین ہونگی پس
اسکی حل کیواسطی یہہ کرنا چاہیی کہ اوّل دو مساواتون سے کسی حرف مجہول کو موافق
قوعد گذشتہ دور کرکے ایک ایسی مساوات بناؤ کہ جہمین صرف دو حرف مجہول
رہجاوین بعدازان انہین دونون مساواتون مین سے ایک مساوات اور تیسری
مساوات کو لیکر انہین سے بہی بقاعدہ مذکورہ وہی حرف مجہول دور کرو کہ اس عمل سے
بہی ایک مساوات بنجائیگی کہ جسمین بہی وہی دو حرف مجہول رہینگی جو پہلی مساواتمین رہی تہی
اب ان دونو مساواتون حاصل سی قیمت ہر دو حرف مجہول کی موافق قواعد گذشتہ
دریافت ہو سکتی ہی اور پہر ان قیمتونکو کسی ایک مساوات مین رکہکر قیمت تیسری حرف
مجہول دریافت کرلو اور اگر چار مجہول اور چار مساواتین ہون تو بہی اسی قاعدہ سے

اول چار مساواتوں میں سے ایک مجہول دور کرو کہ اس عمل سے تین مساوات اور تین مجہول باقی رہجاوینگی کہ انکی قیمت بقاعدہ مرقومہ بالا دریافت ہو سکتی ہی جیسے مسئلہ ذیل سے واضح ہی

سوالات مساوات دراول سہ مجہول

(۱) لا + ی + ر = ۲۹ . . . . (۱)

لا + ۲ی + ۳ر = ۶۲ . . . . (۲)

۶لا + ۴ی + ۳ر = ۱۲۰ . . . . (۳)

مساوات (۲) سے اول کو تفریق کیا تو ی + ۲ر = ۳۳ . . . . (۴)

مساوات (۱) کو ۶ مین ضرب کیا تو ۶لا + ۶ی + ۶ر = ۱۷۴

مساوات (۳) کو تفریق کیا یعنے ۶لا + ۴ی + ۳ر = ۱۲۰

اسلئے حاصل تفریق ۲ی + ۳ر = ۵۴ . . . (۵)

اب مساوات (۴) کو دو سے ضرب کرکے رکھا ۲ی + ۴ر = ۶۶ . . . (۶)

اب مساوات (۵) کو (۶) سے تفریق کیا ∴ ر = ۱۲

چونکہ ی + ۲ر = ۳۳ ∴ ی + ۲۴ = ۳۳ ∴ ی = ۹

چونکہ لا + ی + ر = ۲۹ ∴ لا + ۱۲ + ۹ = ۲۹

∴ لا = ۲۹ − ۲۱ ∴ لا = ۸

(۲) ی + ز = ۵۰
ی + لا = ۴۸
ز + لا = ۴۲

دریافت کرو قیمت لا و ی و ز کی

مساوات سوم کو ۳ سے ضرب کیا تو ۳/لا + ۳/ی = ۴ (ب)

مساوات (ا) سے (ب) کو تفریق کیا تو ۱/ی = ۱

∴ لا = ۱ اور ی = ۳ اور ی = -۴ سے کے

سوالات عبارتی مساوات درجہ اول و تین مجہول

(۱) ۷ بیل اور ۳ گائی کی قیمت ۱۷۰ روپیہ ہی اور ۵ بیل اور ۴ گائی کی قیمت ۱۴۰ روپیہ تو بتلاؤ کہ ہر ایک کی قیمت کیا ہے

فرض کرو کہ قیمت فی بیل لا روپیہ اور قیمت فی گائی ی روپیہ

∴ ۷لا = قیمت ۷ بیل اور ۳ی = ۳ گائی اور ۵لا = قیمت ۵ بیل

اور ۴ی = قیمت ۴ گائی تو بموجب شرایط سوال سے کے

۷لا + ۳ی = ۱۷۰ } اب ان دونوں مساواتوں سے قیمت لا اور ی موافق

۵لا + ۴ی = ۱۴۰ } قواعد دوحرفی دریافت کی

تو لا = ۲۰ = قیمت ایک بیل کے اور ی = ۱۰ = قیمت ایک گائی کی

(۲) وہ کونسی کسر ہے کہ جب کے شمار کنندہ پر دو زیادہ کریں تو کسر کی قیمت ۱/۲ ہو جاتی ہے اور نسب نما پر ۱۰ زیادہ کریں تو قیمت کسر کی ۱/۳ ہو جاوی

فرض کرو کہ لا/ی کسر مطلوب ہے اب شمار کنندہ پر ۲ زیادہ کیا بموجب شرایط سوال

تو (لا+۲)/ی = ۱/۲ اور جب نسب نما پر ۱۰ زیادہ کیجئے

تو لا/(ی+۱۰) = ۱/۳ اب مساواتوں حاصل کو کسر سے خارج کیا

∴ ۲لا + ۴ = ی ∴ ۲لا − ی = −۴ }

اور ۳لا = ی + ۱۰ ∴ ۳لا − ی = ۱۰ } تفریق کیا

∴ لا=۸ ∴ ۴۴=ی+۴ ∴ ی=۰۴ ∴ $\frac{لا}{ی}=\frac{۸}{۴}=۲$ کہ مطلوب ہے

(۳) ایک عدد دو مراتب کا ہے اگر اس عدد کو مجموعہ مراتب پر تقسیم کریں تو خارج قسمت ۲ حاصل ہوتا ہے اور اگر اس عدد سے ۱۸ تفریق کریں تو مراتب اولٹ جاتے ہیں بتاؤ کہ وہ عدد مذکور

فرض کرو کہ اس عدد میں لا ہندسہ دہائی کے مرتبہ پر ہے اور ی اکائی کے مرتبہ پر ∴ ۱۰لا+ی کل عدد ہوگا اور لا+ی مجموعہ مراتب ہوگا اور جب ی دہائی کے مرتبہ پر اور لا اکائی کے مرتبہ یعنے مراتب اولٹ جاویں تو وہ عدد ۱۰ی+لا ہو جاویگا اسلئے بموجب شرائط سوال

$\frac{۱۰لا+ی}{لا+ی}=۲$ مساوات اول کو کسر خارج کر کے منتقل کیا

اور ۱۰لا+ی − ۱۸ = ۱۰ی+لا دوم کو منتقل کیا

تو اول سے ۸لا−ی=۰ ∴ ۹لا−۱۸ی=۰

دوم سے ۹لا−۹ی=۱۸ ∴ ۹لا−۹ی=۱۸

تفریق کیا تو ۹ی=۱۸ ∴ ی=۲

چونکہ ۸لا−۴ی=۰ ∴ لا=۴ پس عدد مطلوب ۴۲ ہے

(۴) زید نے عمر سے کہا اگر تو اپنی روپیوں سے ۱۶ روپیہ مجھے دیدے تو میرے پاس تیری باقی سے تگنے روپیہ ہو جاویں اسنے جواب دیا کہ اگر تو مجھے ۲ روپیہ دیدیوے تو میرے پاس تیری باقی سے چوگنے ہو جاویں بتاؤ ہر ایک کے پاس کتنے کتنے روپیہ ہیں

فرض کرو کہ زید کے پاس لا روپیہ اور عمر کے پاس ی روپیہ تھے اب اگر عمر کے روپیہ سے زید کے روپیہ میں ۱۶ روپیہ ملاویں تو زید کے پاس لا+۱۶ اور عمر کے پاس ی−۱۶ رہجاویں گے مگر بموجب شرائط سوال کے لا+۱۶=تگنے (ی−۱۶) کے یعنے لا+۱۶=۳(ی−۱۶)

اسیطرح بموجب شرط دوم ۴(لا − ۱۷) = ی + ۱۷ بعد حل سوال کے

∴ ۳۱ = عمر کے روپیہ کے اور لا = ۴۹ = زید کے روپیہ کے

(۵) باپ اور بیٹی کی عمر میں ۳ اور ۱ کی نسبت ہی مگر پانچ برس پہلی انکی عمر میں ۵ اور ۱ کی نسبت تھی بتاؤ کہ ہر ایک کی عمر کیا ہی

فرضکرو کہ باپ کی عمر = لا ہی اور بیٹی کی ی تو بموجب شرط اول

لا : ی :: ۳ : ۱ ∴ لا = ۳ ی اور بموجب شرط دوم کے

لا − ۵ : ی − ۵ :: ۵ : ۱ ∴ لا − ۵ = ۵ ی − ۲۵

اب ان دو مساواتون سے قیمت لا = ۳۰ کے اور ی = ۱۰

پس باپ کی عمر ۳۰ برس کی اور لڑکے ۱۰ برس کے ہی

(۶) ۱۴۸ کے ایسے دو حصہ کرو کہ اگر ایک حصہ کو ۱۲ سے اور دوسرے کو ۸ سے تقسیم کریں تو مجموعہ خارج قسمتونکا ۱۵ ہو فرضکرو کہ دو حصہ لا اور ی ہیت

∴ لا + ی = ۱۴۸ اور بموجب شرط دوم کے

لا/۱۲ + ی/۸ = ۱۵ ∴ ۲ لا + ۳ ی = ۳۶۰

مساوات اول سے ۲ لا + ۲ ی = ۲۹۶ } تفریق کیا

∴ ی = ۶۴ = ایک حصہ کے اور لا = ۸۴ = دوسرے حصہ کے

(۷) وہ کونسے عدد ہین کہ جنکا حاصل تفریق ۹ ہی اور فرق انکے مجذورونکا ۱۰۹ ہی

فرضکرو کہ عدد مطلوب لا اور ی ہین بموجب شرط اول

